جائے گا اور جو عورت بھی اپنے کان میں سونے کی بالی پہنے گی (اور اس کی زکوٰۃ نہیں دے گی) تو قیامت کے دن اس کے کان میں اسی جیسی آگ کی بالی پہنائی جائے گی۔" (ص ۲۷۰ ج ۱)

6- Hazrat Asma b. Yazeed ﷺ:

"The woman who puts on a gold necklace, (and does not pay its *zakat*) she shall be forced to put on a similar necklace of fire around her neck on the Day of Judgment, and the woman who puts on an ear-ring of gold (without paying its *zakat*) she shall be forced to put on a similar ear-ring of fire on the Day of Judgment.

(Abu Daud, Nisai, Al Targhib wal Tarhib, P. 237, Vol. 1)

❁❁❁❁❁

٧ - "يقول العبد مالي وانما له من ماله ثلاث ، ما اكل فأفنى اولبس فأبلى ، اواعطى فاقتنى ، وما سوى ذلك فهو ذاهب وتاركه للناس"۔ (مسلم ، ترغیب ص ۲۰ ، ج ۲)

۷۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "بندہ (اپنے مال کے بارے میں) کہتا رہتا ہے کہ یہ میرا مال ہے حالانکہ اس کے مال میں سے صرف تین حصے اس کے ہیں ایک وہ جسے کھا کر اس نے ختم کر دیا دوسرے وہ جسے پہن کر اس نے پرانا کر دیا تیسرے وہ جسے اس نے (کسی حاجت مند کو) دے کر (اپنی آخرت کے لئے) ذخیرہ کر لیا۔ اس کے سوا جتنا مال ہے وہ تو جانے والا ہے اور وہ خود اسے دوسرے لوگوں کے لئے چھوڑ کر چلا جائے گا۔" (مسلم ترغیب ص ۲۰ ج ۲)

7- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"A person goes on claiming the ownership of his wealth saying, "This is my wealth, this is my wealth." (He does not think that)

in fact he owns only three parts out of his wealth. One that he has consumed by eating. The second what he has made old by wearing. The third what he has preserved for his Hereafter by giving it to the poor. The rest of it is about to go very soon and he will pass away leaving it for the others."

(Muslim. Al Targhib wal Tarhib, P. 20, Vol. 2)

❁❁❁❁❁

٨- "ثلاث اقسم عليهن واحدثكم حديثا فاحفظوه . قال . مانقص مال من صدقته ، ولا ظلم عبد مظلمة صبر عليها الّا زاده الله عزّاً ، ولا فتح عبد باب مسألة الّا فتح عليه باب فقر او كلمة نحوها"۔ (ترمذی ، ترغیب ص ۲۳ ، ج۲)

۸۔ حضرت ابوکبشہ انماریؓ۔ "تین باتیں میں قسم کھا کر کہتا ہوں (۱) کسی بندے کا مال صدقہ دینے سے کم نہیں ہوتا (۲) اور جب بھی کسی پر کوئی ظلم ہو اور وہ اس پر صبر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی عزت اور بڑھا دیتا ہے (۳) اور جب کوئی بندہ (لوگوں سے) بھیک مانگنے کا دروازہ کھولتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر فکر و افلاس کا دروازہ کھول دیتا ہے۔" (ترمذی ترغیب ص ۲۳ ج ۲)

8- Hazrat Abu Kabsha Anmari ﷺ:

"I swear on three things: (1) Nobody's wealth is reduced by giving *sadaqa* out of it. (2) If anybody is oppressed and he remains patient, Allah upgrades his dignity. (3) When somebody starts begging, Allah Almighty opens a door of poverty on him." *(Tirmizi, Al Targhib wal Tarhib, P. 23, Vol. 2)*

❁❁❁❁

٩- "ان صدقة المسلم تزيد في العمر وتمنع ميتة السوء ويذهب الله بها الكبر والفخر"۔

(طبرانی ، ترغیب ص ۲۸ ، ج۲)

۹۔ حضرت عمرو بن عوفؓ۔ "مسلمان کا صدقہ اس کی عمر میں اضافہ کرتا ہے اور بری موت سے بچاتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ تکبر اور فخر (کی بیماریوں) کو زائل کرتا ہے۔"

(طبرانی، ترغیب ص ۲۸ ج ۲)

9- Hazrat Amr b. Aouf ﷺ:

"*Sadaqa* increases the life of a Muslim and saves him from indecent death, and Allah removes the (ailments of) pride and insolence through it.

(Tibrani, Al Targhib wal Tarhib, P. 28, Vol. 2)

❁❁❁❁

١٠- "سبق درهم مأة الف درهم ، فقال رجل وكيف ذاك يا رسول الله؟ قال رجل له مال كثير اخذ من عرضه مأة الف درهم تصدق بها ورجل ليس له الا درهمان فاخذ احدهما فتصدق به"۔ (نسائی ، ترغیب ص ۲۸ ، ج۲)

۱۰۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "ایک درہم ایک لاکھ درہم پر سبقت لے گیا، ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ وہ کیسے؟ آپؐ نے فرمایا (وہ ایسے کہ) ایک شخص کے پاس بہت سارا مال تھا، اس نے اپنے سامان میں سے ایک لاکھ درہم نکال کر صدقہ کر دیا، دوسری طرف ایک شخص کے پاس کل دو درہم تھے اس نے ان میں سے ایک نکال کر صدقہ کر دیا۔" (نسائی، ترغیب ص ۲۸ ج ۲)

10- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"One Dirham surpassed one *lakh* Dirhams. One of those present asked, "O! Messenger of Allah! How so?" He replied, "It is so that a man had a lot of wealth and he gave one lakh Dirhams as *sadaqa* out of his wealth. On the other hand another man possessed only two Dirhams and he gave one of them as *sadaqa* (and hence surpassed the other man)."

(Nisai, Al Targhib wal Tarhib, P. 28, Vol. 2)

❀❀❀❀

١١ - "خير الصدقة ما ابقت غنًى وليد العليا خير من اليد السفلى وابدأ بمن تعول"۔

(ابن خزيمه ، ترغيب ص ٢٨ ، ج٢)

۱۱۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "بہترین صدقہ وہ ہے جو بے نیازی چھوڑ جائے (یعنی صدقہ لینے کے بعد بھی اتنا مال انسان کے پاس بچ رہے کہ وہ کسی کا دست نگر نہ ہو) اور اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے اور اللہ کی راہ میں (خرچ کرنے کی) ابتداء ان لوگوں سے کرو جو تمہارے زیر سرپرستی ہیں۔ (یعنی اہل و عیال وغیرہ)۔" (ابن ماجہ۔ ترغیب ص ۲۸ ج ۲)

11- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"The best *Sadaqa* is that which leaves the giver need-free (i.e. enough money remains with the spender to take care of his necessitics), and the upper hand (i.e. the hand of the giver) is better than the lower hand (i.e. the hand of the taker) and begin (spending) with those for whom you are responsible (i.e. family members etc.)."*(Ibn e Maja, Al Targhib wal Tarhib, P.28, Vol.2)*

❀❀❀❀

١٢ - "الصدقة على المسكين صدقة وعلى ذى الرحم اثنتان صدقة وصلة"۔ (نسائى ، ترغيب ص ٣٢ ، ج٢)

۱۲۔ حضرت سلمان ابن عامرؓ۔ "مسکین پر صدقہ کرنے میں صدقہ کا ثواب ہے اور کسی رشتہ دار پر صدقہ کرنے پر دو ثواب ہیں ایک صدقہ کا اور ایک صلہ رحمی کا۔" (نسائی ترغیب ص ۳۲ ج ۲)

12- Hazrat Salman b. Aamir ؓ:

"*Sadaqa* given to a poor earns a reward of *sadaqa*, but when given to a relative it is doubly rewarded, i.e. of *sadaqa* and of *Sila Rehmi* (good treatment)."

(Nisai, Al Targhib wal Tarhib, P. 32, Vol. 2)

❀❀❀❀

١٣ - "والذى بعثنى بالحق لا يعذب الله يوم القيامة من رحم اليتيم ولان له فى الكلام ورحم يتمه وضعفه ولم يتطاول على جاره بفضل ماآتاه الله وقال يا امة محمد والذى بعثنى بالحق لا يقبل الله صدقة من رجل وله قرابة محتاجون الى صلة ويصرفها الى غيرهم ، والذى نفسى بيده لا ينظر الله اليه يوم القيامة"۔ (ترغيب ص ٣٣ ، ج٢)

۱۳۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "قسم اس ذات کی جس نے مجھے حق کا پیغام دے کر بھیجا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس شخص کو عذاب نہیں دے گا جو یتیم پر رحم کرتا ہو اس سے نرم بات کرتا ہو اس کی یتیمی پر ترس کھاتا ہو اور اللہ نے جو چیزیں اسے (دوسروں سے) زیادہ عطا فرمائی ہوں ان کے ذریعہ اپنے پڑوسی پر زیادتی نہ کرتا ہو اے محمدؐ کی امت اس ذات کی قسم جس نے

مجھے حق دے کر بھیجا ہے' اللہ تعالیٰ اس شخص کا صدقہ قبول نہیں کرتا جس کے قریبی رشتہ دار اس کی صلہ رحمی کے محتاج ہوں اور وہ صدقہ کا مال دوسروں پر خرچ کرے۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے' قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو رحمت کی نظر سے دیکھے گا بھی نہیں۔" (طبرانی ترغیب ص ۳۳ ج ۲)

13- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"I swear by (Allah) who has bestowed me with the message of truth, that Allah will not punish the person on the Day of Resurrection who is kind towards the orphan, talks with him tenderly and is sympathetic towards him and having more things than others by the grace of Allah, does not make him exceed limits with his neighbours.

O people of Muhammad! I swear by (Allah) who have entrusted me with the message of truth, Allah never accepts the *sadaqa* of the man whose relatives remain deprived while he keeps on spending his *sadaqat* on the other people. I swear by Allah, Who is the Sustainer of life, that on the Day of Judgment, Allah will not even extend His blessings towards him."

(Tibrani, Al Targhib wal Tarhib, P. 33, Vol. 2)

❁❁❁❁

﴿الصوم وما اليه﴾

(روزہ اور عید)

(FASTING AND EID)

١- "قال الله عزوجل كل عمل ابن آدم له إلّا الصوم فانه لى وانا اجزى به . والصوم جنة ، فاذا كان يوم صوم احدكم فلايرفث ولا يصخب فان سابّه احد او قاتله فليقل انى صائم انى صائم ، والذى نفس محمد بيده لخوف فم الصائم اطيب عند الله من ريح المسك ، الصّائم فرحتان يفر حهمااذ افطر فرح بفطره ، واذا لقى ربّه فرح بصومه"۔

(بخاری ، ترغیب ص ۵۷ ، ج۲)

www.peaceofsunnah.com

۱۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ "اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ابن آدم کا ہر عمل اسی کے لئے ہوتا ہے' سوائے روزہ کے کہ وہ میرے لئے ہے اور میں اس کی جزا دوں گا' اور روزے (عذاب سے بچنے کے لیے) ڈھال ہیں' لہٰذا جس دن تم میں سے کسی کا روزہ ہو تو اسے چاہیے کہ نہ کوئی فحش کام کرے اور نہ شور مچائے' اگر کوئی شخص اسے برا بھلا کہے یا اس سے لڑنے تو اسے کہ دینا چاہیے کہ میں روزہ سے ہوں' اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے' روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ بہتر ہے' روزہ دار کے لیے دو خوشیاں ہوں گی ایک خوشی (اسے) افطار کے وقت کی وجہ سے ہوتی ہے اور ایک جب وہ اپنے پروردگار سے ملے گا تو اپنے روزے کی وجہ سے اسے فرحت حاصل ہوگی۔"

(بخاری' ترغیب ص ۵۷' ج ۲)

1- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"Allah says every (good) deed a son of Adam does is for himself with the exception of fasting, for it is for My sake and I will give the reward for it. Fasting is a protection (from torment), so when anyone of you is fasting, he must not do anything vulgar or raise his voice, and if anyone reviles him or tries to quarrel with him, he should tell him that he is fasting. I swear by Him (Allah) in whose hand is Muhammad's life, that the smelling breath of a fasting man is more pleasant to Allah than the fragrance of musk. The one who fasts has two occasions of joy, one when he breaks his fast and the other when he will meet his Cherisher, he will be happy owing to his fast."

(Bukhari, Al Targhib wal Tarhib, P. 57, Vol. 2)

❁❁❁❁

٢- "الصيام والقرآن يشفعان للعبد يوم القيامة يقول الصيام اى رب منعته الطعام والشهوة فشفّعنى فيه ' ويقول القرآن منعته النوم بالليل فشفعنى فيه . قال فيشفعان"۔

(احمد ' ترغيب ص ٦٠ ' ج٢)

۲۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "روزے اور قرآن قیامت کے دن بندہ کے لیے سفارش کریں گے' روزے کہیں گے کہ اے پروردگار میں نے اس (بندے) کو کھانے سے اور نفسانی خواہشات پوری کرنے سے روکا' اس کے بارے میں میری سفارش قبول کیجئے' اور قرآن کہے گا' میں نے اسے رات کے وقت سونے سے روکا' اس لیے اس کے بارے میں میری سفارش قبول کیجئے' چنانچہ ان دونوں کی سفارش قبول کرلی جائے گی۔" (احمد' ترغیب ص ۶۰' ج ۲)

2- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:

"Fasting and the Holy Qur'an will intercede for man on the Day of Judgment. The fasts will say to Allah Almighty, "O Lord! We held back this man from eating and from his carnal desires, so accept our intercession in his favour." And the Qur'an will say, "I forbade this man from sleeping at night, hence accept my intercession for him." Hence the intercession of both will be accepted." *(Ahmed, Al Targhib wal Tarhib, P. 60, Vol. 2)*

❁❁❁❁

٣- "لكل شئ زكوة وزكرة الجسد الصوم"۔

(ابن ماجه ' ترغيب ص ٦١ ' ج٢)

۳۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ "ہر چیز کی ایک زکوٰۃ ہوتی ہے' اور جسم کی زکوٰۃ روزہ ہے"۔

(ابن ماجہ' ترغیب ص ۶۱ ج ۲)

www.log4iman.com

3- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"There is *zakat* for everything and the *zakat* for the body is fasting." *(Ibn e Maja, Al Targhib wal Tarhib, P. 61, Vol. 2)*

❀❀❀❀

٤- "اتانی جبریل فقال یا محمد من ادرك رمضان فلم یغفر له فا بعده الله فقلت امین"۔

(ابن حبان ، ترغیب ص ٦٦ ، ج٢)

۴۔ حضرت مالک بن الحویرثؓ۔ "میرے پاس جبرئیل (علیہ السلام) آئے اور کہنے لگے کہ جس شخص نے رمضان کا زمانہ پایا ہو، پھر بھی وہ اپنی مغفرت نہ کرا سکے، تو اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمت سے دور کر دے! میں نے کہا آمین"۔ (ابن حبان، ترغیب ص ٦٦، ج ٢)

4- Hazrat Maalik b. Al Hawairas ؓ:

"Hazrat Jibra'il ؑ came to me and said, "Whoso found the month of Ramazan and even then he could not earn salvation for himself, may Allah keep him away of His blessings." I said Aameen." *(Ibn e Hibban, Al Targhib wal Tarhib, P. 66, Vol. 2)*

❀❀❀❀

٥- "یا ایها الناس قد اظلم شهر عظیم ، شهر فیه لیلة خیر من الف شهر ، جعل الله صیامه فریضة وقیام لیلة تطوعاً ، من تقرب فیه بخصلة كان كمن ادّی فریضة فیما سواه ، ومن ادّی فریضة فیه كان كمن ادّی سبعین فریضة فیما سواه وهو شهر الصبر والصبر ثوابه الجنة وشهر المواساة وشهر

یزاد فی رزق المومن فیه ، من فطّر فیه صائما كان مغفرة لذنوبه وعتق رقبته من النار وكان له مثل اجره من غیر ان ینقص من اجره شئ ، فقالوا یا رسول الله لیس كلّنا یجد ما یفطر الصائم فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم یعطی الله هذا الثواب من فطر صائماً علی تمرة اوشربة من ماء او مذقة لبن وهو شهر اوله رحمة ، واوسطه مغفرة ، وآخره عتق من النار ، من خفف ، عن مملوكه فیه غفرالله له وأعتقه من النار ، فاستكثروا فیه من اربع خصال ، خصلتین ترضون بها ربكم وخصلتین لاغناء بكم عنهما ، فاما الخصلتان اللتان ترضون بهماربكم فشهادة ان له الٰه الا الله وتستغفرونه ، واما الخصلتان اللتان لا غناء بكم عنهما فتسألون الله الجنة وتعوذون به من النار ، ومن سقی صائماً سقاه الله من حوضی شربة لایظمأ حتی یدخل الجنة"۔

(ابن خزیمه ، بیهقی ، ترغیب ص ٦٧ ، ج٢)

۵۔ حضرت سلمان فارسیؓ۔ "اے لوگو! تم پر ایک ایسا مہینہ سایہ فگن ہو رہا ہے جو عظمت والا بھی ہے اور برکت والا بھی، یہ ایسا مہینہ ہے جس کی ایک رات (شب قدر) ایک ہزار مہینوں سے کہیں بہتر ہے، اللہ نے اس مہینے کے روزوں کو تم پر فرض کیا ہے اور رات کے وقت کھڑے ہو کر عبادت کرنے کو نفل قرار دیا ہے، اگر کوئی شخص اس مہینہ میں اللہ کا تقرب حاصل کرنے کے لیے کوئی نیک کام کرے تو اسے اتنا ثواب ملتا ہے جتنا دوسرے دنوں میں

www.pedialofsunnah.com

ستر فرائض ادا کرنے سے ملتا ہے' یہ صبر کا مہینہ ہے' اور صبر کا ثواب جنت ہے' یہ (ایک دوسرے کی) غم خواری اور ہمدردی کا مہینہ ہے' اور ایسا مہینہ ہے کہ جس میں مومن کے رزق میں اضافہ کر دیا جاتا ہے' جو شخص اس مہینہ میں کسی روزہ دار کو افطار کرائے تو اس کا یہ عمل اس کے گناہوں کی مغفرت کا اور آگ سے اس کی گلو خلاصی کا سبب بن جاتا ہے اور اس کو بھی اتنا ہی ثواب ملتا ہے جتنا اس روزہ دار کو ملے گا جسے افطار کرایا ہے اور اس سے روزہ دار کے ثواب میں بھی کوئی کمی واقع نہیں ہو گی' صحابہؓ نے عرض کیا' یا رسول اللہ! ہم میں سے ہر ایک کے پاس اتنا نہیں ہوتا کہ وہ کسی روزہ دار کو افطار کرا سکے' آپؐ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ یہ ثواب اس شخص کو بھی عطا فرمائے گا جو ایک کھجور' پانی کے ایک گھونٹ یا پانی ملے ہوئے دودھ کے ذریعہ ہی کسی کو افطار کرو دے۔

اور یہ ایسا مہینہ ہے کہ اس کا پہلا حصہ رحمت ہے' بیچ کا حصہ مغفرت ہے' اور آخری حصہ جہنم سے آزادی (کا پیغام) ہے' جو شخص اس مہینہ میں اپنے غلام کا کام ہلکا کر دے تو اللہ اس کی مغفرت فرما دے گا اور اسے جہنم سے آزاد کر دے گا' لہٰذا تم اس مہینہ میں چار کام کثرت سے کرو' دو کام ایسے ہیں جن سے تم اپنے پروردگار کی خوشنودی حاصل کرو گے اور دو ایسے ہیں جن سے خود تمہیں بے نیازی نہیں ہو سکتی' جن دو کاموں سے تم پروردگار کی خوشنودی حاصل کرو گے تو وہ ہیں' ایک لا الہ الا اللہ کی گواہی دیتے رہنا' اور دوسرے استغفار' اور وہ کام جن سے تمہیں بے نیازی نہیں ہو سکتی' وہ ایک تو یہ ہے کہ اللہ سے جنت کا سوال کرتے رہو اور دوسرے آگ سے اس کی پناہ مانگتے رہو' اور جو شخص کسی روزہ دار کو سیراب کرے' اللہ تعالیٰ اسے میرے حوض (کوثر) سے ایسا مشروب پلائے گا کہ جنت میں داخل ہونے تک اسے پھر پیاس نہیں لگے گی"۔ (ابن خزیمہ و بیہقی ترغیب ص ۶۷ ج ۲)

5- Hazrat Salman Farsi ؓ:

"O people! A great month (of blessings) is casting its shadows on you. There is one night in this blessed month which is better than a thousand months. Allah has prescribed the fasts of this month for you and commanded as a supererogatory worship the standing up in prayer (i.e. the offering of Taraweeh prayers) during its nights. Whoever offers, in it, a non-obligatory (*sunnat* or *naffl*) duty with the object of obtaining proximity of Allah, he gets a reward identical in value to the reward of obligatory (*farz*) duty on the other months of the year, and the reward on the observance of an obligatory worship in it is equal to the fulfillment of seventy obligatory duties in the other days of the year. It is the month of patience and self-restraint and the reward of patience and endurance is paradise. It is the month of sympathy and compassion. It is the month in which the subsistence of the faithful Muslims is increased. If any body invites a fasting person to break his fast with him, due to this act his sins will be forgiven and he will save himself from the hell, he will also get the same reward as the person who was fasting and there will be no reduction in the reward of the fasting person." The Companions ؓ enquired, the Prophet ﷺ, "We do not have the means to ask (people) to break their fast with us." The Prophet ﷺ replied, "Allah will give the reward to him (also) who helps breaking the fast of a fasting person with a date or a draught of water or even with little milk mixed in water."

The first part of this blessed month is mercy, the middle part is salvation, and the last is freedom from the fire of Hell. Whosoever lightens the work of his slave (or servant) in this month, Allah will forgive him and grant him freedom from hell. So observe four acts repeatedly in this month. With two of these

four, you will obtain the pleasure of your Lord, and so far as the remaining two are concerned, you can never be indifferent to these.

The first two acts are; (1) Witnessing لا اله الا الله (no god is there but Allah) and; (2) Asking forgiveness. The acts with which you cannot be unconcerned are; (1) Pleading for paradise and; (2) Asking His shelter from the fire of Hell; and whoso satiates a fasting person, Allah will satiate him in such a manner from my pond (i.e. Kausar) that after it he will not feel thirsty until he has reached Heaven.

(Ibn e Khuzaimah, Baihaqi, Al Targhib wal Tarhib, P. 67, Vol.2)

❁❁❁❁

٦۔ "صوم شهر رمضان معلّق بين السمآء والأرض ، ولا يرفع إلّا بزكاة الفطر" ۔ (الترغيب ص ٢٧٥ ، ج ٢)

٦۔ حضرت جریرؓ۔ "ماہ رمضان کے روزے آسمان اور زمین کے درمیان رہتے ہیں اور انہیں صرف صدقۃ الفطر کے ذریعہ اوپر اٹھایا جاتا ہے (یعنی صدقۃ الفطر ادا کیے بغیر روزے قبول نہیں ہوتے)۔" (ابو حفص، ترغیب ص ۱۰۰، ج ۲)

6- Hazrat Jareer ﷺ:

"The fasts of Ramazan remain hanging between earth and sky and are drawn up by means of Fitra charity (i.e. fasts are not acccpted without paying *sadaqa-tul-fitr*).

(Abu Hafs, Al Targhib wal Tarhib, P. 100, Vol. 2)

❁❁❁❁

٧۔ "اذا كان يوم عيد الفطر وقفت الملائكة على الطرق فنادوا اغدوا يامعشر المسلمين الى ربّ كريم يمنّ بالخير ثم يثيب عليه الجزيل لقد امرتم بقيام الليل فقمتم ، وامرتم بصيام النّهار فصمتم ، وأطعتم ربّكم فاقبضوا جوائزكم ، فاذا صلّوا نادى مناد ألا انّ ربكم قد غفر لكم فارجعوا راشدين الى رحالكم فهو يوم الجائزة ، ويُسمّى ذلك اليوم فى السمآء يوم الجائزة" ۔

(الترغيب ص ٢٧٨ ، ج ٢)

٧۔ حضرت سعد بن اوسؓ۔ "جب عید الفطر کا دن آتا ہے تو فرشتے راستے کے دونوں کناروں پر کھڑے ہو جاتے ہیں اور آواز دیتے رہتے ہیں۔ اے مسلمانو! ایک ایسے پروردگار کی طرف چلو جو بھلائی کی توفیق دے کر احسان کرتا ہے، پھر اس پر بہت سا ثواب بھی دیتا ہے، تمہیں رات کو (تراویح) میں کھڑے رہنے کا حکم دیا گیا تھا، تم کھڑے رہے، تمہیں دن کو روزہ رکھنے کا حکم دیا گیا تھا، تم نے روزہ رکھا، اور اپنے پروردگار کی اطاعت کی اب اپنے انعامات وصول کر لو، چنانچہ جب لوگ نماز پڑھ چکتے ہیں تو ایک منادی آواز لگاتا ہے کہ سنو! تمہارے پروردگار نے تمہاری مغفرت کر دی ہے، اب اپنے گھروں کو ہدایت یاب ہو کر جاؤ، تو در حقیقت یہ عید کا دن انعام کا دن ہے اور آسمان میں اس کا نام بھی "یوم الجائزہ (روز انعام) ہے"۔

(طبرانی، ترغیب ص ۱۰۱، ج ۲)

www.nehjulofsunnah.com

7- Hazrat Sa'd b. Aous ؓ:

"When the day of Eid-ul-Fitr comes, the angels stand on both sides of the path and call out, "O people! Proceed to your Cherisher, He is a Cherisher Who obliges you by giving some chances of good deeds, and then on these grants a lot of virtues. You were commanded to keep standing at night (in Taraweeh), so you kept standing. You were commanded to fast during the day and you fasted in obedience to your Lord. Now take your rewards (for these acts)." Hence when the people complete the prayer a proclaimer proclaims, "O people! Hark! Your Lord has forgiven you. Now go to your homes as righteous." So in fact the day of Eid is the day of reward and its name in heavens is "Yaum-ul-Jaiza" (the day of reward)."

(Tibrani, Al Targhib wal Tarhib. P. 101. Vol. 2)

❁❁❁❁

﴿الحج والعمرة﴾

(حج اور عمرہ)

(HAJJ AND UMRAH)

١- "من حج فلم يرفث ولم يفسق رجع من ذنوبه كيوم ولدته امه"۔ (بخاری ، مسلم ، ترغیب ص ١٠٥ ، ج ٢)

١۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ "جس شخص نے اس طرح حج کیا کہ نہ اس کے دوران کوئی فحش کام کیا اور نہ کسی اور گناہ میں مبتلا ہوا، تو وہ اپنے گناہوں سے اس طرح (پاک وصاف ہو کر) لوٹتا ہے جیسے کہ آج ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو"۔ (بخاری و مسلم، ترغیب ص ١٠٥ ج ٢)

www.peopleofsunnah.com

1- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"Whoso performs Hajj in such a way that during it he neither commits any obscene act nor is involved in any other sin, he returns home as undefiled and chaste as on the day his mother gave him birth."

(Bukhari and Muslim, Al Targhib wal Tarhib, P. 105, Vol. 2)

❁❁❁❁

٢- "تابعوا بين الحج والعمرة فانهما ينفيان الفقر والذنوب كما ينفى الكير خبث الحديد والذهب والفضة وليس للحجة المبرورة ثواب الا الجنة"۔(ترمذی ، ترغیب ص ١٠٧ ، ج٢)

٢۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔ "حج اور عمرہ ساتھ ساتھ کرو' اس لئے کہ وہ فقر و فاقہ اور گناہوں کو اس طرح دور کرتے ہیں جیسے دھونکنی لوہے اور سونے چاندی کے میل کو دور کرتی ہے' اور جو حج اللہ کے نزدیک قبول ہو جائے' اس کا صلہ جنت کے سوا کچھ نہیں"۔

(ترمذی' ترغیب ص ١٠٧ ج ٢)

2- Hazrat Abdullah b. Masud ؓ:

"Perform the Hajj and Umrah simultaneously because both, the Hajj and the Umrah, remove poverty and sins in the same way as the furnace removes the impurities from gold, silver and iron and there is no reward lesser then paradise on an accepted Hajj."

(Tirmizi, Al Targhib wal Tarhib, P. 107, Vol. 2)

❁❁❁❁

٣- "تعجلوا الى الحج يعنى الفريضة فان احد كم لا يدرى ما يعرض له"۔

(ترغیب ص ١٠٩ ، ج٢ ، ابو القاسم الاصبهانی)

٣۔ حضرت ابن عباسؓ۔ "حج کو جلد سے جلد ادا کرو' اس لئے کہ تم میں سے کوئی نہیں جانتا کہ کیا پیش آنیوالا ہے"۔ (ابو القاسم اصبہانی' ترغیب ص ١٠٩ ج ٢)

3- Hazrat Abdullah b. Abbas ؓ:

"Perform Hajj as soon as possible because none of you knows what is going to happen next."

(Abul Qasim Isbahani, Al Targhib wal Tarhib, P. 109, Vol. 2)

❁❁❁❁

٤- "ان الله يباهى باهل عرفات اهل السماء فيقول لهم انظروا الى عبادى جاء ونى شعثاً غبراً"۔

(احمد ، ترغیب ص ١٢٨ ، ج٢)

٤۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "اللہ تعالیٰ عرفات والوں (حاجیوں) کی وجہ سے آسمان والوں (فرشتوں) پر فخر کرتا ہے اور ان سے کہتا ہے' میرے بندوں کو دیکھو کس طرح پراگندہ بال اور غبار آلود ہو کے میرے پاس آئے ہیں"۔ (احمد' ترغیب ص ١٢٨ ج ٢)

4- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"Allah Almighty feel proud of the people of 'Arafat (pilgrims of Hajj) over the heavenly people (angels) and says to them, "Look! How my bondmen have come to me dishevcled and dusty."

(Ahmed, Al Targhib wal Tarhib, P. 128, Vol. 2)

❁❁❁❁

٥- "من لم يمنعه من الحج حاجة ظاهرة او سلطان جائر او مرض حابس فمات و لم يحج فليمت ان شاء يهوديا وان شاء نصرانيا"۔

(دارمی ، مشکوۃ ص ٢٢٢)

۵۔ حضرت ابوامامہؓ۔ "جس شخص کو کسی کھلی ہوئی مجبوری' ظالم بادشاہ یا سخت قسم کی بیماری نے حج سے نہ روکا ہو اور پھر وہ حج کیے بغیر مر جائے تو (اللہ کو اس سے کوئی تعلق نہیں) وہ چاہے یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر"۔ (دارمی' مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۲۲)

5- Hazrat Abu Umama ﷺ:

"Whoso dies without performing Hajj without any valid reason or without being prevented by a cruel king or severe illness (Allah Almighty is disconcerned) whether he dies as a Jew or as a Christian." *(Darimi, Mishkaat ul Masabih, P. 222, Vol. 2)*

❁❁❁❁

٦- "من طاف بالبيت اسبوعا لا يضع قدماً ولا يرفع اخرى الّا حطّ الله عنه بها خطيئة وكتب له بها حسنة ورفع له بها درجة"۔ (ابن خزيمه ' ترغيب ص ١٢٢ ' ج٢)

٦۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "جو شخص بیت اللہ کا طواف کرے اور دو رکعتیں نماز ادا کرے تو جتنے قدم وہ اٹھاتا ہے' ان میں سے ہر قدم پر اس کا ایک گناہ معاف ہوتا ہے' ایک نیکی اس کے نامۂ اعمال میں لکھی جاتی ہے اور اس کے درجات میں ایک درجہ کا اضافہ ہو جاتا ہے"۔

(ابن خزیمہ' ترغیب ص ۱۲۲ ج ۲)

6- Hazrat Abdullah b. Omar ﷺ:

"When a bondsman circumambulates the holy Ka'ba and offers two raka prayer, then for all the steps he takes, a sin is forgiven, the reward for one virtue is written down for him and his rank is elevated by one degree."

(Ibn e Khuzaima, Al Targhib wal Tarhib, P. 122, Vol. 2)

❁❁❁❁

٧- "مارؤى الشيطان يوما هوفيه اصغر ولا ادحر ولا احقر ولا اغيظ منه في يوم عرفة وما ذاك الّا لما يرى فيه من تنزل الرحمة وتجاوزالله عن الذنوب العظام"۔

(مالك ' ترغيب ص ١٢٦ ' ج٢)

۷۔ حضرت طلحہ بن عبیداللہؓ۔ "عرفہ کے دن شیطان جتنا ذلیل وخوار' حقیر اور غضبناک ہوتا ہے' اس سے زیادہ ذلیل وخوار حقیر اور غضبناک وہ کسی دن نہیں ہوتا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اس دن دیکھتا ہے کہ اللہ کی رحمت نازل ہو رہی ہے اور بندوں کے بڑے بڑے گناہ معاف کیے جا رہے ہیں"۔ (مالک' ترغیب ص ۱۲۶ ج ۲)

7- Hazrat Talha b. Ubaidullah ﷺ:

"Satan never feels more humiliated and furious than on the day of Arafat for the reason, that on that day he sees the blessings of Allah on the earth and grievous sins being forgiven."

(Maalik, Al Targhib wal Tarhib, P. 126, Vol. 2)

❁❁❁❁

٨- "ينزل الله كل يوم على حجاج بيت الحرام عشرين ومأة رحمة ' ستين للطائفين واربعين للمصلين وعشرين للنّاظرين"۔ (بيهقى ' ترغيب ص ١٢١ ' ج٢)

۸۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ۔ "اللہ تعالیٰ اپنے بیت حرام کے حاجیوں پر ہر روز ایک سو بیس رحمتیں نازل فرماتا ہے' ان میں سے ساٹھ طواف کرنے والوں پر' چالیس نماز پڑھنے والوں پر اور بیس (کعبے کو) دیکھنے والوں پر نازل ہوتی ہیں"۔ (بیہقی' ترغیب ص ۱۲۱ ج ۲)

8- Hazrat Abdullah b. Abbas رضی اللہ عنہ:

"Allah Almighty sends down one hundred and twenty blessings on the pilgrims to his Sacred House. Out of these, sixty blessings are for circumambulators, forty for persons offering prayer and twenty for the onlookers (of Ka'ba)."

(Baihaqi, Al Targhib wal Tarhib. P. 121. Vol. 2)

❁❁❁❁

﴿الجهاد﴾

جہاد

JIHAD

١- "عينان لا تمسهما النار ، عين بكت من خشية الله وعين باتت تحرس في سبيل الله" . (رواه ترمذي وقال حديث حسن غريب ، ترغيب ص١٥٣ ، ج٢)

١۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ۔ "دو آنکھیں ایسی ہیں جنہیں جہنم کی آگ نہیں چھوئے گی ایک وہ آنکھ جو اللہ کے خوف سے روئی ہو اور دوسری وہ آنکھ جس نے کوئی رات اللہ کے راستے میں پہرہ دیتے ہوئے گزاری ہو"۔ (ترمذی، ترغیب ص ۱۵۳ ج۱)

www.peopleofsunnah.com

1- Hazrat Abdullah b. Abbas رضی اللہ عنہ:

"There are two eyes which will never be touched by fire (of Hell), the eye which weeps for fear of Allah and the eye which spends a night guarding in the ways of Allah."

(Tirmizi, Al Targhib wal Tarhib, P. 153, Vol. 2)

❁❁❁❁

٢- "الا انبئكم ليلة افضل من ليلة القدر ، حارس حرس فی ارض خوف ، لعلّه ان لا يرجع الى اهله"۔

(حاكم ، ترغيب ص ١٥٤ ، ج٢)

۲۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "کیا میں تمہیں ایک ایسی رات نہ بتاؤں جو شب قدر سے بھی افضل ہے؟ (یہ وہ رات ہے) جس میں کسی شخص نے (جہاد کے دوران) کسی ایسی زمین پر پہرہ دیا ہو جہاں دشمن کا خوف ہو اور یہ خطرہ ہو کہ شاید وہ لوٹ کر اپنے گھر والوں کے پاس نہ جا سکے"۔ (حاکم، ترغیب ص ۱۵۴، ج ۲)

2- Hazrat Abdullah b. Omar رضی اللہ عنہ:

"Shall not I tell you about a night which is superior to *Lailatul-Qadr* (the night of power)? (It is the night) in which somebody guarded a land where there is the fear of enemy and the probability that he could not return to his family members."

(Haakim, Al Targhib wal Tarhib, P. 154, Vol. 2)

❁❁❁❁

٣- "من ارسل نفقةً فی سبيل الله واقام فی بيته فله بكل درهم سبعمائة درهم ، ومن غزا بنفسه فی سبيل الله وانفق

فی وجهه ذلك فله بكل درهم سبع مائة درهم ثم تلا هذه الا ية ، والله يضاعف لمن يشاء"۔

(ابن ماجه ، ترغيب ص ١٥٧ ، ج٢)

۳۔ حضرت علی ابن ابی طالبؓ وغیرہ۔ "جو شخص جہاد فی سبیل اللہ میں کچھ چندہ بھیج دے اور خود گھر میں رہے تو اسے ہر درہم بدلے سات سو درہم کا صلہ ملے گا اور جو شخص خود اللہ کی راہ میں جہاد کرے اور اس میں مال بھی خرچ کرے تو اسے ہر درہم کے بدلے سات لاکھ درہم کا ثواب ہوگا اور اللہ جس کا اجر چاہے کئی گنا بڑھا دے"۔ (ابن ماجہ، ترغیب ص ۱۵۷، ج ۲)

3- Hazrat Ali b. Abi Talib رضی اللہ عنہ:

"Whoso donates some money for the sake of Jihad and remains in his house, he will get a reward of seven hundred Dirhams for every Dirham he donates, and whoso participates in Jihad himself and also donates money, he will get a reward of seven hundred thousand Dirhams for each Dirham he contributes, and Allah multiplies any reward according to His will."

(Ibn e Maja, Al Targhib wal Tarhib, P. 157, Vol. 2)

❁❁❁❁

٤- "من جهز غازيا فی سبيل الله فقد غزا ومن خلف غازيا فی سبيل الله فی اهله بخير فقد غزا"۔

(بخاری ومسلم ، ترغيب ص ١٥٧ ، ج٢)

۴۔ حضرت زید بن خالد جہنیؓ۔ "جو شخص اللہ کے راستے میں کسی غازی کے لیے ساز و سامان مہیا کرے وہ بھی غازی ہے اور جو شخص کسی غازی کا نائب بن کر اس کے گھر والوں کے ساتھ بھلائی کا معاملہ کرے وہ بھی غازی ہے"۔ (بخاری مسلم، ترغیب ص ۱۵۷، ج ۲)

4- Hazrat Zaid b. Khalid Juhanni ؓ:

"He who equips a *ghazi* (fighter) in Allah's path is also a *ghazi*, and he who looks after a *ghazi's* family when he is away, he is also a *ghazi*."

(Bukhari and Muslim, Al Targhib wal Tarhib, P. 157, Vol. 2)

❁❁❁❁

٥- "ان ابواب الجنة تحت ظلال السيوف"۔

(مسلم ، ترمذی ، ترغیب ص ۱۷۷ ، ج۲)

۵۔ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ۔ "جنت کے دروازے تلواروں کے سائے کے نیچے ہیں"۔

(مسلم و ترمذی ترغیب ص ۱۷۷ ج۲)

5- Hazrat Abu Musa Ash'ari ؓ:

"The gates of Heaven are under the shades of the swords."

(Muslim, Tirmizi, Al Targhib wal Tarhib, P. 177, Vol. 2)

❁❁❁❁

٦- "لغدوة فی سبیل اللہ اوروحة خیر من الدنیا وما فیھا"۔

(بخاری ، مسلم ، ترغیب ص ١٦٤ ، ج)

٦۔ حضرت انس بن مالکؓ۔ "اللہ کے راستے میں ایک مرتبہ صبح یا شام کے وقت نکلنا دنیا و ما فیہا سے بہتر ہے"۔ (بخاری و مسلم، ترغیب ص ۱۶۳ ج۲)

6- Hazrat Anas b. Maalik ؓ:

"An expedition of a morning or an evening in Allah's path is better than the world and all it contains."

(Bukhari and Muslim, Al Targhib wal Tarhib, P. 164, Vol. 2)

❁❁❁❁

٧- "مقام الرجل فی الصف فی سبیل اللہ افضل عند اللہ من عبادة الرجل ستین سنة"۔

(حاکم ، ترغیب ص ١٧٤ ، ج٢)

۷۔ حضرت عمران بن حصینؓ۔ "کسی شخص کا اللہ کے راستے میں (جہاد کی) صف میں کھڑا ہونا اللہ کے نزدیک ساٹھ سال کی عبادت سے زیادہ افضل ہے۔" (حاکم، ترغیب ص ۱۷۴ ج۲)

7- Hazrat Imran b. Haseen ؓ:

"To Allah, standing in battle-array for jihad is superior to sixty years of worship." *(Haakim, Al Targhib wal Tarhib, P. 174, Vol.2)*

❁❁❁❁

٨- "من قاتل فی سبیل اللہ من رجل مسلم فواق ناقة وجبت له الجنة ، ومن جرح جرحاً فی سبیل اللہ اونکب نکبةً فانها تجیئ یوم القیامة کأغزر ماکانت ، لونها لون الزعفران ، وریحها ریح المسك"۔

(ابو ادؤد ، ترمذی ، ترغیب ص ١٧٩ ، ج٢)

۸۔ حضرت معاذ بن جبلؓ۔ "جو مسلمان شخص اللہ کے راستے میں اتنی دیر بھی جہاد کر لے جتنی دیر میں اونٹنی کے تھن میں دودھ کے بعد دوبارہ آتا ہے تو اس کے لیے جنت لازم ہو جاتی ہے اور جو شخص اللہ کے راستے میں زخمی ہو جائے یا اسے کوئی خراش لگ جائے تو قیامت کے دن وہ زخم یا خراش بہت بڑی ہو کر آئے گی، اور اس کا رنگ زعفران جیسا ہو گا اور اس کی خوشبو مشک کی سی ہو گی۔" (ابو داؤد، ترمذی، ترغیب ص ۱۷۹ ج۲)

www.peopleofsunnah.com

8- Hazrat Muaaz b. Jabal ؓ:

"Whoso fights in Allah's path even for a time as short as between the two milkings of a she-camel, paradise will be destined for him. If anyone is wounded in Allah's path or suffers a scratch, this wound or scratch will come on the Day of Judgment as copious as possible and its complexion as that of saffron and its odour as that of musk."

(Abu Daud, Tirmizi, Al Targhib wal Tarhib, P. 179, Vol. 2)

❀❀❀❀

﴿کسب الحلال﴾

معاشی زندگی

(ECONOMIC ASPECT OF LIFE)

﴿کسب الحلال﴾

حلال کمائی اور حرام سے اجتناب

The lawful earning and shunning of unlawful:

١- "طلب الحلال فريضة بعد الفريضه"۔

(الطبرانی ، بیهقی ، ترغیب ص ١٢ ، ج٣)

www.peopleofsunnah.com

۱۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔ "حلال رزق کی تلاش فرائض کی ادائیگی کے بعد دوسرا فریضہ ہے"۔ (طبرانی و بیہقی، ترغیب ص ۱۲، ج ۳)

1- Hazrat Abdullah b. Masud ﷺ:

"Earning a legitimate income is an obligation, next to other obligatory duties."

(Tibrani, Baihaqi, Al Targhib wal Tarhib, P. 12, Vol. 3)

❁❁❁❁

۲- "طلب الحلال واجب على كل مسلم"۔

(رواه الطبرانی فی الاوسط واسناده حسن ان شاءالله ایضاً)

۲۔ حضرت انس بن مالکؓ۔ "حلال رزق کی تلاش ہر مسلمان پر واجب ہے"۔

(طبرانی، ترغیب ص ۱۲، ج ۳)

2- Hazrat Anas b. Maalik ﷺ:

"Seeking for a lawful livelihood is obligatory for every Muslim." *(Tibrani, Al Targhib wal Tarhib, P. 12, Vol. 3)*

❁❁❁❁

۳- "ان كان خرج يسعى على ولده صغاراً فهو فى سبيل الله وان كان خرج يسعى على ابوين شيخين كبيرين فهو فى سبيل الله وان كان خرج يسعى على نفسه يعفّها فهو فى سبيل الله وان كان خرج يسعى رياء ومفاخرة فهو فى سبيل الشيطان"۔

(الطبرانی ورجاله رجال الصحیح، ترغیب ص ٤، ج ٣)

۳۔ حضرت کعب بن عجرہؓ۔ "اگر کوئی شخص گھر سے نکل کر اپنے چھوٹے بچوں (کا پیٹ پالنے) کے لیے جدوجہد کرتا ہے تو اس کا یہ عمل اللہ ہی کے راستے میں ہے، اگر کوئی شخص گھر سے نکل کے اپنے بوڑھے ماں باپ کے لیے جدوجہد کرے تو یہ عمل بھی اللہ ہی کے راستے میں ہے اور اگر کوئی شخص خود اپنے لیے جدوجہد کرتا ہے تاکہ اپنے آپ کو (حرام کمائی سے) پاک و صاف رکھ سکے تو یہ بھی اللہ کے راستے میں ہے، ہاں اگر کوئی شخص محض دکھاوے اور دوسروں پر اپنی بڑائی جتانے کے لیے جدوجہد کرتا ہے تو وہ شیطان کے راستے میں ہے"۔

(طبرانی، ترغیب ص ۴، ج ۳)

3- Hazrat Ka'b b. Ajrah ﷺ:

"Whoso comes out of his home to struggle (for earning) for the sake of his little children, his labour is in the path of Allah. If anyone comes forth and takes pains for his old parents, he is also struggling in the path of Allah. The one who toils for himself so that he remains pure (of unlawful earnings) is also in the path of Allah. But if anyone undergoes trouble just to show off and to project himself as bigger and better than others, he is in the path of Satan." *(Tibrani, Al Targhib wal Tarhib, P. 4, Vol. 3)*

❁❁❁❁

٤- "يا ايها الناس اتقوا الله واجملوا فى الطلب فان نفساً لن تموت حتى تستوفى رزقها وان ابطأ عنها فاتقوالله واجملوا فى الطلب خذوا ما حلّ ودعوا ما حرّم"۔

(ابن ماجه والحاكم وقال صحيح على شرط مسلم، ترغيب ص ٢، ج ٣)

۴۔ حضرت جابرؓ۔ "اے لوگو! اللہ سے ڈرو اور طلب (رزق) میں اعتدال سے کام لو کوئی شخص اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک وہ اپنا (مقدر شدہ) رزق پورا وصول نہ کر لے اور اگر کبھی رزق کے حصول میں دیر ہو جائے تو بھی اللہ سے ڈرو کوشش میں اعتدال سے کام لو جو رزق حلال ہو اسے لے لو اور جو حرام ہو اسے چھوڑ دو"۔ (ابن ماجہ ترغیب ص ۷، ج ۳)

4- Hazrat Jabir ﷺ:

"O people! Fear Allah! and observe moderation in your desires (to earn). Nobody will meet death before getting his predestined subsistence completely. Be fearful to Allah even if there is some delay in your subsistence. Be moderate in your efforts. Take the lawful one and leave the unlawful."

(Ibn e Maja, Al Targhib wal Tarhib, P. 7, Vol. 3)

❁❁❁❁

۵۔ "فان استبطأ احد منكم رزقة فلا يطلبه بمعصية الله فان الله لا ينال فضله بمعصيته"۔ (حاکم، ترغیب ص ۷، ج ۳)

۵۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔ "اگر تم میں سے کسی کو یہ محسوس ہو کہ اسے رزق کے حصول میں دیر ہو رہی ہے تو بھی وہ اللہ کی نافرمانی کر کے ہرگز رزق طلب نہ کرے اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم اس کی نافرمانی کر کے حاصل نہیں کیا جا سکتا۔" (حاکم ترغیب ص ۷، ج ۳)

5- Hazrat Abdullah b. Masud ﷺ:

"If anyone of you feels some delay in getting his subsistence even then he should not demand it through disobedience of Allah, because the Mercy and Blessing of Allah cannot be acquired through His disobedience."

(Haakim, Al Targhib wal Tarhib, P. 7, Vol. 3)

❁❁❁❁

٦- "الرجل يطيل السفر اشعث اغبر يمد يديه الى السماء يارب ومطعمه حرام ومشربه حرام وملبسه حرام وغذى بالحرام فانى يستجاب لذلك"۔

(مسلم ترمذی، ترغیب ص ۱۱، ج ۳)

۶۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "بعض مرتبہ ایک آدمی طویل سفر کر کے آتا ہے بال پریشان چہرہ غبار آلود آسمان کی طرف ہاتھ پھیلائے ہوئے پروردگار! پروردگار! پکار رہا ہے حالانکہ اس کا کھانا بھی حرام اس کا پینا بھی حرام اس کا لباس بھی حرام اور اس کی پرورش بھی حرام غذا سے ہوئی اس کی دعا بھلا کیسے قبول ہو؟" (مسلم و ترمذی ترغیب ص ۱۱، ج ۳)

6- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"Sometimes a man returns from a long journey in a dishevelled and dusty state, stretching out his arms to the sky crying O Lord! O Lord! while his food is unlawful, his drink is unlawful, his clothing is unlawful and he is nourished by what is unlawful. How can his supplication be granted?"

(Muslim, Tirmizi, Al Targhib wal Tarhib, P. 11, Vol. 3)

❁❁❁❁

٧- "ماذئبان جائعان ارسلافى غنم بأفسد لها من حرص المرء على المال والشرف لدينه"۔

(ترمذی، ترغیب ص ۱۰، ج ۳)

۷۔ حضرت کعب بن مالکؓ۔ "دو بھوکے بھیڑیے اگر بکریوں کے گلے میں چھوڑ دیے جائیں تو وہ اتنا فساد نہیں مچائیں گے جتنا مال کی حرص اور دین کے وجہ سے عزت و شہرت کی حرص انسان کی زندگی میں فساد مچاتی ہیں"۔ (ترمذی ترغیب ص ۱۰، ج ۳)

www.pbmlegacy.com

7- Hazrat ka'b b. Maalik ؓ:

"Two hungry wolves left alone in a herd of sheep are not so harmful, than the greed of wealth and the greed of fame and repute through the source of religion."

(Tirmizi, Al Targhib wal Tarhib, P. 10, Vol. 3)

❁❁❁❁

٨- "لو كان لا بن آدم واديان من مال لابتغى اليهما ثالثا ولا يملأ جوف ابن آدم الا التراب ويتوب الله على من تاب"۔ (بخاری و مسلم ' ترغیب ص ١٠ ' ج٣)

٨۔ حضرت انس بن مالکؓ۔ "اگر ابن آدم کے پاس مال و دولت کی دو وادیاں بھی ہو جائیں تو وہ تیسری کی تلاش میں رہے گا' مٹی کے سوا کوئی چیز ابن آدم کا پیٹ نہیں بھر سکتی' اور جو شخص اللہ کے حضور توبہ کرے اللہ اس کی توبہ قبول فرمالیتا ہے"۔

(بخاری و مسلم' ترغیب ص ١٠' ج٣)

8- Hazrat Anas b. Maalik ؓ:

"If the son of Adam have two valleys full of wealth and riches, he will remain in search of the third one. Nothing can satiate his bit belly except the clay (of his grave), and whoso repents, Allah is the Acceptor of repentance."

(Bukhari and Muslim, Al Targhib wal Tarhib, P. 10, Vol. 3)

❁❁❁❁

٩- "الدنيا خضرة حلوة من اكتسب فيها مالا من حله وانفقه فى حقه اثابه الله عليه واورده جنته' ومن اكتسب

فيها مالا من غير حله وانفقه فى غير حقه احله الله دار الهوان ' ورب متخوض فى مال الله ورسوله ' له النار يوم القيامة يقول الله: "كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنَاهُمْ سَعِيْراً"۔

(بیہقی ' ترغیب ص ١٥ ' ج٣)

٩۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "دنیا سرسبز اور شیریں ہے' جو شخص اس دنیا میں حلال طریقوں سے مال کمائے اور برحق کاموں میں اسے خرچ کرے' اللہ تعالیٰ اسے ثواب عطا فرمائے گا اور اپنی جنت میں داخل کرے گا اور جو شخص یہاں ناجائز طریقوں سے مال کمائے اور ناحق کاموں میں خرچ کرے تو اللہ تعالیٰ اسے ذلت کے گھر میں اتارے گا اور بہت سے لوگ ایسے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول کے مال میں بے احتیاطی کرتے ہیں' قیامت کے دن ان کا حصہ جہنم کی آگ ہو گی اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ آگ جب کبھی بجھنے لگے گی ہم اسے اور بھڑکا دیں گے۔"

(بیہقی' ترغیب ص ١٥' ج٣)

9- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:

"The world is luxuriant, green and sweet for whoso will earn his livelihood through fair means and spend it on the proper places will be granted reward by Allah Almighty, and whoso will earn through illegitimate means and spend it on improper places, Allah will captivate him in humiliation and disgrace. So many people are there who are in the habit of carelessness towards the wealth of Allah and His Messenger. Their share on the Day of Judgment will be the fire of hell, and Allah says when this fire will be about to extinguish, We will further flame it up."

(Baihaqi, Al Targhib wal Tarhib, P. 15, Vol. 3)

❁❁❁❁

www.prophetofislam.com

١٠ - "لا يدخل الجنة جسد غذی بحرام"۔

(ابویعلی ' بزار ' طبرانی و بیهقی ' ترغیب ص١٥ ' ج٣)

١٠۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ۔ "وہ جسم جنت میں نہیں داخل ہوگا جس کی پرورش حرام غذا سے ہوئی ہو۔" (ابویعلی' بزار' طبرانی' ترغیب ص١٥' ج٣)

10- Hazrat Abu Bakr Siddiq ﷺ:

"That body will not enter the paradise which is nourished by the prohibited food."

(Abu-Yala, Bazzar, Tibrani, Al Targhib wal Tarhib, P.15, Vol.3)

❁❁❁❁

١١ - "من اشتری ثوبا بعشرة دراهم وفيه درهم من حرام لم يقبل الله عز وجل له صلاة ما دام عليه"۔

(احمد ' ترغیب ص١٣ ' ج٣)

١١۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "جس شخص نے دس درہم میں کوئی کپڑا خریدا' اور ان دس درہم میں سے کوئی ایک درہم بھی حرام کا تھا' جب تک وہ کپڑا اس کے جسم پر رہے گا اللہ تعالیٰ اس کی نماز قبول نہیں کرے گا۔" (احمد' ترغیب ص ١٣' ج٣)

11- Hazrat Abdullah b. Omar ﷺ:

"If someone purchases any cloth for ten Dirhams and one of those ten Dirhams was unlawfully earned then as long as that cloth remains on his body, his prayer (*namaz*) will not be accepted by Allah." *(Ahmed Al Targhib wal Tarhib, P.13, Vol.3)*

❁❁❁❁

١٢ - "ياسعد ! اطب مطعمك تكن مستجاب الدعوة ' والذی نفس محمد بيده ان العبد ليقذف اللقمة الحرام فی جوفه ما يتقبل منه عمل اربعين يوم وايما عبد نبت لحمه من سحت فالنار اولی به"۔ (طبرانی ' ترغیب ص١٢ ' ج٣)

١٢۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ۔ "اے سعدؓ! اپنے کھانے میں حلال کا اہتمام کرو تمہاری دعائیں قبول ہونے لگیں گی' اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے' ایک بندہ اپنے پیٹ میں کوئی حرام لقمہ ڈالتا ہے تو اللہ تعالیٰ چالیس روز تک اس کا نیک عمل قبول نہیں کرتا اور جس بندے کا گوشت حرام سے اگا ہو' آگ اس کی زیادہ مستحق ہوتی ہے"۔ (طبرانی' ترغیب ص١٢' ج٣)

12- Hazrat Abdullah b. Abbas ﷺ:

"O Sa'd! Take care for your lawful food, your prayers will be accepted. By whom in whose hand the life of Muhammad ﷺ remains, if a bondsman gulps down a morsel unlawfully acquired, Allah does not accept his good deeds for forty days, and the man whose flesh owes its growth to unlawful food, fire is most deserving of him."

(Tibrani, Al Targhib wal Tarhib, P. 12, Vol. 3)

❁❁❁❁

١٣ "الحلال بيّن والحرام بيّن وبينهما مشتهات لايعلمهن كثير من الناس فمن اتقى الشبهات استبرأ لدينه وعرضه '

www.peoreofislam.com

ومن وقع فی الشبهات وقع فی الحرام کالراعی یرعی حول الحمی یوشك ان یوقع فیه الاوان لکل ملك حمی الاوان حمی الله محارمه"۔ (بخاری، مسلم ، مشکواۃ ص ۲۴۱، ج ۱)

۱۳۔ حضرت نعمان بن بشیرؓ۔ "حلال چیزیں بھی واضح ہیں اور حرام چیزیں بھی، اور ان کے درمیان کچھ مشتبہ چیزیں ہیں جنہیں بہت سے لوگ نہیں جانتے (کہ حلال ہیں یا حرام) اب جو شخص مشتبہ چیزوں سے بھی پرہیز کرے وہ اپنے دین اور آبرو کی حفاظت کرے گا اور جو شخص مشتبہ میں مبتلا ہو جائے وہ (بالآخر) حرام میں مبتلا ہو گا، جیسے کہ ایک چرواہا کسی (ممنوعہ) چراگاہ کے ارد گرد بکریاں چرانے لگے تو بعید نہیں کہ کسی وقت بکریاں اس چراگاہ کے اندر گھس کر بھی چرنے لگیں، خوب یاد رکھو کہ ہر بادشاہ کی ایک ایسی (چراگاہ) ہوتی ہے (جس میں دوسروں کا داخلہ ممنوع ہوتا ہے) یاد رکھو کہ اللہ کی چراگاہ اس کی حرام کی ہوئی چیزیں ہیں"۔

(بخاری و مسلم، مشکوۃ ص ۲۴۱، ج ۱)

13- Hazrat Nauman b. Bashir ﷺ:

"What is lawful is clear and what is unlawful is also clear, but between them there are things which are doubtful which a number of people do not recognise (whether they are lawful or unlawful). He who abstains these vague things, protects his religion and his honour, but he who indulges himself with those doubtful things, will ultimately fall into what is unlawful. Just as a shepherd who pastures his goats around a prohibited pasturage will soon be pasturing entering in it. Beware! Every king has a prohibited pasturage and the pasturage of Allah is the things he has declared unlawful."

(Bukhari and Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 241, Vol. 1)

❁❁❁❁

﴿التجارة﴾

تجارت

TRADE & BUSINESS:

۱- "التاجر الصدوق الامین مع النبیین والصدقین والشهداء"۔ (ترمذی دارمی مشکوۃ ص ۲۴۳)

۱۔ حضرت ابو سعید خدریؓ۔ "سچا اور امانت دار تاجر (قیامت کے دن) انبیاء، صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ ہو گا"۔ (ترمذی، دارمی، دار قطنی، ابن ماجہ، مشکوۃ ص ۲۱۳، ج ۱)

1- Hazrat Abu Saeed Khudri ﷺ:

"The honest and truthful trader will rise in the Hereafter in the company of the prophets, the truthful ones and the martyrs."

(Tirmizi, Darimi, Dar-Qutni, Ibn e Maja, Mishkaat ul Masabih, P. 243, Vol. 1)

❁❁❁❁

۲- "رحم الله رجلا سمحاً اذا باع واذا اشتری واذااقتضی"۔

(بخاری، مشکوۃ ص ۲۴۳)

۲۔ حضرت جابرؓ۔ "اللہ اس شخص پر رحم کرے گا جو نرم خو ہو، بیچتے وقت بھی، خریدتے وقت بھی اور اپنے حقوق کا مطالبہ کرتے وقت بھی"۔ (بخاری، مشکوۃ ص ۲۴۳، ج ۱)

2- Hazrat Jabir ﷺ:

"May Allah show mercy to a man who is kind when he sells, when he buys and when he claims his rights."

(Bukhari, Mishkaat ul Masabih, P. 243, Vol. 1)

❁❁❁❁

www.freeislamicbooks.com

٣- "ان رجلا فيمن كان قبلكم اتاه الملك ليقبض روحه فقيل له هل عملت من خير ؟ قال ما اعلم ؟ قيل له انظر ؟ قال ما اعلم شيأ غير انى كنت ابايع الناس فى الدنيا واجازيهم فانظر الموسر واتجاوز عن المعسر فادخله الله الجنة"۔ (متفق عليه مشكوة ص ٢٤٣ ؛ ج ١)

٣۔ حضرت حذیفہؓ۔ "پچھلی امتوں میں سے ایک شخص کے پاس فرشتہ روح قبض کرنے آیا پھر مرنے کے بعد اس سے پوچھا گیا کہ کیا تم نے کوئی بھلائی کا عمل کیا ہے؟ اس نے کہا کہ مجھے معلوم نہیں' اس سے پھر کہا گیا کہ غور کر کے بتاؤ' اس نے کہا کہ اس کے سوا مجھے اپنا کوئی عمل معلوم نہیں کہ میں دنیا میں لوگوں کے ساتھ خرید و فروخت کرتا تھا تو حسن سلوک سے کام لیتا تھا کوئی کشادہ حال ہوتا تو اسے مہلت دے دیتا' اور کوئی تنگ دست ہوتا تو اسے بالکل ہی معاف کر دیتا' اس پر اللہ نے اسے جنت میں داخل کر دیا"۔ (بخاری' مسلم' مشکوۃ ص ۲۴۳' ج ۲)

3- Hazrat Huzaifa ﷺ:

"There was a man in the past nations. The angel of death came to take away his soul. He was asked (after his death) if he had performed any good deed in his worldly life. He said he did not remember any such deed. He was told to think again. After that he said, "I can think of nothing like it, except that I used to have business dealings with people and my attitude was one of mildness and forbearance. I used to allow respite to the rich (so that they could pay off whenever they like) and I used to write off the debts to the poor. Allah, thereupon decreed Paradise for him." *(Bukhari and Muslim. Mishkaat ul Masabih, P.243, Vol.1)*

❀❀❀❀

٤- "ان اطيب الكسب كسب التجار الذين اذا حدثوا لم يكذبوا واذا أئتمنوا لم يخونوا واذا وعدوا لم يخلفوا واذا اشتروا لم يذموا واذا باعوا لم يمدحوا واذا كان عليهم لم يمطلوا واذا كان لهم لم يعسروا"۔ (بيهقى ' ترغيب ص ٢٨ ' ج ٣)

۴۔ حضرت معاذ بن جبلؓ۔ "بہترین کمائی ان تاجروں کی ہے جو بات کہیں تو جھوٹ نہ بولیں' امانت رکھیں تو خیانت نہ کریں' بیچیں تو (مبالغہ آمیز) تعریف نہ کریں' ان کے اوپر کسی کا حق واجب ہو تو ٹال مٹول نہ کریں' اور ان کا حق کسی پر واجب ہو تو اسے تنگ نہ کریں۔"

(بیہقی' ترغیب ص ۲۸' ج ۳)

4- Hazrat Muaaz b. Jabal ﷺ:

"The best earning is of those traders who do not tell lies when they talk, they do not embezzle when trusted, do not violate their commitments when they promise, do not exaggerate while selling, do not evade when a liability stands imposed upon them and they do not harass others who owe something to them."

(Baihaqi, Al Targhib wal Tarhib, P. 28, Vol. 3)

❀❀❀❀

٥- "اياكم وكثرة الحلف فى البيع فانه ينفق ثم يمحق"۔

(مسلم مشكوة ص ٢٤٣ ' ج ١)

۵۔ حضرت ابو قتادہؓ۔ "بیع کے وقت زیادہ قسمیں کھانے سے بچو' اس لیے کہ اس سے (شروع میں) تجارت کچھ چمکتی ہے' لیکن پھر تباہی آجاتی ہے"۔ (مسلم' مشکوۃ ص ۲۴۳' ج ۲)

5- Hazrat Abu Qatada ﷺ:

"Avoid much swearing while transacting business for it helps the trade flourish for a while, but it destroys the trade afterwards." *(Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 243, Vol. 3)*

❁❁❁❁

٦- "التجار يحشرون يوم القيامة فجّارا الّامن اتّقى وبرّ وصدق"۔ (ترمذی ' مشکوۃ ص ٢٤٤ ' ج ١)

٦۔ حضرت رفاعہؓ۔ "سارے تجار قیامت کے دن فجار ہو کے اٹھائے جائیں گے' سوائے ان لوگوں کے جو اللہ سے ڈریں' نیکی کریں اور سچ بولیں"۔ (ترمذی وغیرہ' مشکوۃ ص ٢٤٤' ج ١)

7- Hazrat Uqba b. Aamir ﷺ:

"A Muslim is a brother to another Muslim and it is not lawful for a Muslim to sell a defective item to his brother without disclosing its defect."

(Ahmed, Ibn e Maja, Al Targhib wal Tarhib, P. 24, Vol. 3)

❁❁❁❁

٨- "من غشّنا فليس منا والمكروالخداع فى النار"۔

(طبرانی ' ترغیب ص ٢٢ ' ج ٣)

٨۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔ "جو شخص ہمارے ساتھ ملاوٹ کرے وہ ہم میں سے نہیں اور دھوکہ فریب کرنے والے جہنم میں ہوں گے"۔ (طبرانی وغیرہ' ترغیب ص ٢٢' ج ٣)

8- Hazrat Abdullah b. Masud ﷺ:

"Whoso adulterates with us is not of us and the deceivers will be thrown in fire." *(Tibrani, Al Targhib wal Tarhib, P. 22, Vol. 3)*

❁❁❁❁

٧- "المسلم اخوالمسلم ولا يحلّ لمسلم اذا باع من اخيه بيعًا فيه عيب ان لايبينه"۔

(احمد ' ابن ماجه ' حاكم طبرانی ' ترغيب ص ٢٤' ج ٣)

٧۔ حضرت عقبہ بن عامرؓ۔ "مسلمان مسلمان کا بھائی ہے' اور کسی مسلمان کے لیے حلال نہیں کہ وہ اپنے بھائی کو عیب دار چیز بیچے' اور اس کا عیب بیان نہ کرے"۔

(احمد' ابن ماجہ وغیرہ' ترغیب ص ٢٤' ج ٣)

www.pdfsumaan.com

عدواً من غيرهم فاخذوا بعض ما في ايديهم وما لم تحكم ائمتهم بكتاب الله ويتخيروا فيما انزل الله الا جعل الله باسهم بينهم"۔ (ابن ماجه، ترغيب ص ۲۱، ج ۳)

۹۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "جس قوم میں فحاشی کو ایسا فروغ ہوتا ہو کہ کھلم کھلا بے حیائی ہونے لگے تو ان میں طاعون کی وبا پھوٹتی ہے اور ایسے ایسے دور پیدا ہوتے ہیں جو ان کے اسلاف میں نہیں تھے اور جو قوم ناپ تول میں کمی کرتی ہے اسے قحط اور سخت مشکلات میں مبتلا کر دیا جاتا ہے اور ان کے حکمران ان پر ظلم توڑتے ہیں اور جو قوم اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتی اس پر آسمان سے بارش بند کر دی جاتی ہے اور اگر چوپائے نہ ہوں تو ان پر کبھی بارش نہ ہو اور جو قوم اللہ اور اس کے رسولؐ کے ساتھ کیے ہوئے عہد کو توڑتی ہے اللہ تعالیٰ غیروں میں سے اس پر ایسا دشمن مسلط کر دیتا ہے جو ان کے ہاتھ کی پونجی چھین لیتا ہے اور جب بھی کسی قوم کے حکام اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے اور اللہ کے نازل کیے ہوئے احکام میں تردد کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کے درمیان خانہ جنگی پیدا کر دیتا ہے"۔

(ابن ماجہ، ترغیب ص ۲۱، ج ۳)

9- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:

"The nation in which vulgarity and obscenity prospers in such a way that shamelessness becomes unreserved and open, plague breaks out in that nation and such diseases come into being which were not present at the time of their forefathers. The people who under-weigh (while weighing or measuring) are caught in famine and hard times and their rulers become tyrants. The community which does not pay *zakat* on its wealth, rain

۴۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "اپنے نسب کا اتنا علم ضرور حاصل کرو جس سے تم اپنے رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کر سکو،اس لیے کہ صلہ رحمی سے اپنوں میں محبت پیدا ہوتی ہے،مال میں اضافہ ہوتا ہے اور موت دیر سے آتی ہے"۔ (ترمذی،مشکوۃ ص ۴۲۰)

4- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"Learn, at least, so much of your gencalogy that you may do good to your relatives because this creates mutual love, increases wealth and delay is death."

(Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P. 420)

❁❁❁❁

٥- "لا يدخل الجنة قاطع"۔

(بخاری ، مسلم و مشکوۃ ص ٤١٩)

۵۔ حضرت جبیر بن مطعمؓ۔ "قطع رحم کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا"۔

(بخاری،مسلم،مشکوۃ ص ۴۱۹)

5- Hazrat Jabeer b. Mut'am ﷺ:

"He who discontinues compassionate dealings with blood relatives will not enter paradise."

(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 419)

❁❁❁❁

٦- "ليس الواصل بالمكافی ولكن الواصل الذی اذا قطعت رحمه وصلها"۔ (بخاری ، مشکوۃ ص ٤١٩)

۶۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "صلہ رحمی کرنے والا وہ شخص نہیں ہے جو (دوسرے رشتہ داروں کے کیے ہوئے احسان کا) بدلہ چکائے،بلکہ صلہ رحمی کرنے والا وہ ہے کہ جب دوسرے اس کے ساتھ قطع رحم کا معاملہ کریں تو یہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرے"۔

(بخاری،مشکوۃ ص ۴۱۹)

www.peopleofsunnah.com

6- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:

"He is not compassionate who returns good for good, rather compassionate is he who returns good in response to the evil done to him." *(Bukhari, Mishkaat ul Masabih, P. 419)*

❀❀❀❀

﴿ادب الطعام والشراب﴾
کھانے کے آداب
ETIQUETTES OF EATING:

١- "سمّ الله وكل بيمينك وكل مما يليك"۔

(بخاری ، مسلم ، مشکوۃ ص ٣٦٣)

١۔ حضرت عمر بن ابی سلمہؓ۔ "بسم اللہ کہو، داہنے ہاتھ سے کھاؤ اور (برتن) کا جو حصہ تم سے قریب ہو، وہاں سے کھاؤ"۔ (بخاری، مسلم، مشکوۃ ص ٣٦٣)

1- Hazrat Omar b. Abi Salma ؓ:

"Recite بسم الله (*Bismillah* with the Name of Allah), eat with your right hand, and from the side of the dish nearest to you."
(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 363)

❀❀❀❀

٢- "اذا اكل احد كم فليا كل بيمينه واذا شرب فليشرب بيمينه"۔

(مسلم ، مشکوۃ ص ٣٦٣)

٢۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "جب تم میں سے کوئی کھائے تو داہنے ہاتھ سے کھائے اور پیے تو داہنے ہاتھ سے پیے"۔ (مسلم، مشکوۃ ص ٣٦٣)

2- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:

"When anyone of you eats, he should eat with his right hand and drink with his right hand."
(Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 363)

❀❀❀❀

٣- "ان الشيطان يحضر احد كم عند كل شئ من شانه حتى يحضره عند طعام واذا سقطت من احد كم اللقمة فليمط ما كان بها اذى ثم ليا كلها ولا يدعها للشيطان فاذا فرغ فليعلق اصابعه فانه لايدرى فى اىّ طعامه يكون البركة"۔

(مسلم ، مشکوۃ ٣٦٣)

٣۔ حضرت جابرؓ۔ "شیطان تمہارے ہر کام کے وقت تمہارے پاس رہتا ہے، یہاں تک کہ کھانے کے وقت بھی موجود ہوتا ہے، پس اگر کسی سے کوئی لقمہ نیچے گر جائے تو اسے چاہیے کہ اس لقمے پر جو گندگی لگ گئی ہو اسے صاف کرلے، پھر اسے کھالے اور اسے شیطان کے لیے نہ چھوڑے، پھر جب کھانے سے فارغ ہو تو انگلیاں چاٹ لے، اس لیے کہ اسے معلوم نہیں ہے کہ کھانے کے کون سے حصے میں برکت ہے"۔ (مسلم، مشکوۃ ص ٣٦٣)

3- Hazrat Jabir ؓ:

"Satan is always present with you near everything, even while you are dining. Therefore, if a morsel falls, one should pick it up, clean

www.peopleofsunnah.com

it and then eat it, and donot leave it for Satan. And when the meal is over, one should lick his fingers, because one does not know in which part of the food there is a blessing."

(Muslim, Mishkaat ul Masabih. P. 363)

❁❁❁❁

٤- "لا آكل متّكئاً"۔ (بخاری ، ایضاً)

۴۔ حضرت ابوجحیفہؓ۔ "میں تکیہ لگا کر نہیں کھاتا"۔ (بخاری و مشکوۃ ص ۳۶۴)

4- Hazrat Abu Hajifa ﷺ:

"I do not eat reclining against a cushion."

(Bukhari, Mishkaat ul Masabih. P. 363)

❁❁❁❁

٥- "طعام الاثنين كافي الثلاثة وطعام الثلاثة كافي الاربعة"۔ (مشكوة ص ٣٦٤ متفق عليه)

۵۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "دو کا کھانا تین کو اور تین کا کھانا چار کو کافی ہو جانا چاہیے"۔

(بخاری، مسلم، مشکوۃ ص ۳۶۴)

5- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"Food for two should be sufficient for three, and food for three should be sufficient for four."

(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 364)

❁❁❁❁

٦- ان الله تعالى ليرضى عن العبد ان ياكل الا كلة فيحمده عليها ، او يشرب الشربة فيحمده عليها"۔

(مسلم ، مشكوة ص ٣٦٥)

۶۔ حضرت انسؓ۔ "اللہ تعالیٰ بندے کی اس بات سے خوش ہوتا ہے کہ وہ کوئی چیز کھائے تو اللہ کا شکر ادا کرے اور کوئی چیز پیے تو اللہ کا شکر ادا کرے"۔ (مسلم و مشکوۃ ص ۳۵۶)

6- Hazrat Anas ﷺ:

"Allah is pleased with His bondsman who thanks Him when he eats or drinks something."

(Muslim, Mishkaat ul Masabih. P. 356)

❁❁❁❁

٧- "اذا اكل احدكم فنسي ان يذكر الله على طعامه فليقل بسم الله اوله وآخره"۔ (ترمذی ، مشكوة ص ٣٦٥)

۷۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔ "جب تم میں سے کوئی کھانا شروع کرتے وقت کھانے پر اللہ کا نام لینا بھول جائے (اور بیچ کھانے میں یاد آئے) تو یہ کہے۔ "بسم اللہ اولہ و آخرہ"۔

(ترمذی و مشکوۃ ص ۳۶۵)

7- Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا:

"If one forgets to say, 'With the Name of Allah' at the beginning of a meal but remembers the omission later, he should say, 'With the Name of Allah at the beginning and at the end'."

(Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P. 356)

❁❁❁❁

٨- "بركة الطعام الوضوء قبله والوضوء بعده"۔

(ترمذی ، مشكوة ٣٦٦)

۸۔ حضرت سلمانؓ۔ "کھانے کی برکت یہ ہے کہ اس سے پہلے بھی ہاتھ منہ دھوئے جائیں اور بعد میں بھی ہاتھ منہ دھوئے جائیں"۔ (ترمذی، ابوداؤد، مشکوۃ ص ۳۶۶)

www.peopleofsunnah.com

8- Hazrat Salman ؓ:

"The blessing of food lies in that the hands and mouth should be washed before and after eating it."

(Tirmizi, Abu Daud, Mishkaat ul Masabih, P. 366)

❁❁❁❁

٩- "من بات وفي يده غمر لم يغسله فاصابه شئ فلا يلو من الا نفسه"۔ (ترمذی وغیرہ ' مشکوۃ ص٣٦٦)

٩۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "جو شخص اس حالت میں سو جائے کہ اس کے ہاتھ میں کوئی چکنائی وغیرہ لگی ہوئی ہو' اور پھر اسے کوئی تکلیف پہنچ جائے (کوئی جانور وغیرہ کاٹ لے) تو وہ اپنے آپ ہی کو ملامت کرے' کسی اور کو نہیں"۔ (ترمذی' ابوداؤد' ابن ماجہ' مشکوۃ ص٣٦٦)

9- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"If one goes to sleep in the condition that there is grease etc., sticking to his hands and he feels any pain (owing to biting of some insect, etc.) he should blame none except himself."

(Tirmizi, Abu Daud, Ibn e Maja, Mishkaat ul Masabih, P. 366)

❁❁❁❁

١٠- "لا تشربوا واحدًا كشرب البعير ولكن اشربوا مثنى وثلاث وسموا اذا انتم شربتم واحمروا اذا انتم رفعتم"۔

(ترمذی ' مشکوۃ ص٣٧١)

١٠۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ۔ "پانی اونٹ کی طرح ایک ہی سانس میں نہ پی جاؤ' بلکہ دو' دو' تین' تین مرتبہ سانس لے کر پیو' اور جب پینا شروع کرو تو بسم اللہ پڑھو' اور جب برتن منہ سے ہٹاؤ تو الحمد للہ کہو"۔ (ترمذی' مشکوۃ ص٣٧١)

10- Hazrat Abdullah b. Abbas ؓ:

"Do not drink all the water in one drought like a camel, but in two or three gulps at a time while breathing in between. And when you begin to drink say, 'With the Name of Allah', and when you finish, say, 'Thanks to Allah'.

(Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P. 371)

❁❁❁❁

١١- "فابن القدح عن فيك ثم تنفّس"۔

(ترمذی ' مشکوۃ ص٣٧١)

١١۔ حضرت ابوسعید خدریؓ۔ "برتن کو اپنے منہ سے ہٹاؤ' پھر سانس لو"۔

(ترمذی و مشکوۃ ص٣٧٣)

11- Hazrat Abu Saeed Khudri ؓ:

"Remove the vessel away from your mouth and then breathe."

(Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P. 373)

❁❁❁❁

﴿اللّباس والزّينة﴾

لباس اور زینت کے آداب

ETIQUETTES OF DRESS AND ADORNMENT:

١- "ما اسفامن الكعبين من الازارفى النار"۔

(بخاری ' مشکوۃ ص٣٧٣)

www.peoplesofsunnah.com

۱۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ "زیر جامہ کا جو حصہ ٹخنوں سے نیچا ہو، وہ جہنم میں ہوگا"۔

(بخاری، مشکوٰۃ ص ۳۷۳)

1- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"That part of the lower wear which is below the ankles, will be in the Hell." *(Bukhari, Mishkaat ul Masabih, P. 373)*

❁❁❁❁

۲- "انّما یلبس الحریر فی الدنیا من الاخلاق لہ فی الآخرۃ"۔ (متفق علیہ ، مشکوۃ ص ۳۷۳)

۲۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "دنیا میں ریشم صرف وہ مرد پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوتا"۔ (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ ص ۳۷۳)

2- Hazrat Abdullah b. Omar ﷺ:

"In this world, only that man wears silk who has no share in the Hereafter." *(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 373)*

❁❁❁❁

۳- "البسوا الثیاب البیض فانها المهر واطیب وکفنوا فیها موتاکم"۔ (احمد ، ترمذی ، مشکوۃ ص ۳۷۴)

۳۔ حضرت سمرہؓ۔ "سفید کپڑے پہنو، اس لیے کہ وہ پاکیزہ اور اچھے ہوتے ہیں اور انہی میں سے اپنے مردوں کا کفن بناؤ"۔ (احمد، ترمذی، مشکوٰۃ ص ۳۷۴)

3- Hazrat Sumrah ﷺ:

"Wear white dress, because they are good and pure; and also make coffins out of them for the dead."

(Ahmed, Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P. 374)

❁❁❁❁

٤- "احل الذهب والحریر للاناث من امّتی وحرّم علی ذکورها"۔ (ترمذی ، مشکوۃ ص ۳۷۵)

۴۔ حضرت ابو موسیٰؓ۔ "سونا اور ریشم میری امت کی عورتوں کے لیے حلال ہے، اور مردوں کے لیے حرام"۔ (ترمذی، مشکوٰۃ ۳۷۵)

4- Hazrat Abu Musa ﷺ:

"Gold and silk are permissible for women of my *ummah* and forbidden for men." *(Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P. 375)*

❁❁❁❁

٥- "من تشبه بقوم فهو منهم"۔

(احمد ، ابوداؤد ، مشکوۃ ص ۳۷۵)

۵۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "جو شخص (وضع قطع میں) کسی قوم کی مشابہت اختیار کرے، وہ انہی میں سے ہوتا ہے"۔ (احمد، ابوداؤد، مشکوٰۃ ص ۳۷۵)

5- Hazrat Abdullah b. Omar ﷺ:

"He who adopts the resemblance of other nations (in his appearance) is one of them."

(Ahmed, Abu Daud, Mishkaat ul Masabih, P. 375)

❁❁❁❁

٦- "انّ اللہ یحبّ ان یری اثر نعمته علی عبده"۔

(ترمذی ، مشکوۃ ص ۳۷۵)

www.pedmofsunnat.com

۶۔ حضرت عمرو بن شعیبؓ۔ "اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کی نعمت کے اثرات بندے پر نظر آئیں (یعنی اگر اللہ نے اسے خوشحالی عطا کی ہے تو لباس وغیرہ سے اس کے اثرات نظر آنے چاہییں)"۔ (ترمذی، مشکوٰۃ ص ۳۷۵)

6- Hazrat Amr b. Shuaib ﷺ:

"Allah likes that the effects of His blessings should be visible on His servant that is, if one is given prosperity, it should be seen in one's dress etc.). *(Tirmizi, Mishkaat ul Masabih. P. 375)*

❁❁❁❁

۷- "ان البذاذة من الایمان ، ان البذاذة من الایمان"۔

(ابوداؤد ، مشکوۃ ص ۳۷۵)

۷۔ حضرت ابوامامہؓ۔ "سادگی ایمان کا جزو ہے، سادگی ایمان کا جزو ہے"۔

(ابوداؤد، مشکوٰۃ ص ۳۷۵)

7- Hazrat Abu Umama ﷺ:

"Simplicity is a part of religion; simplicity is a part of religion"!
(Abu Daud, Mishkaat ul Masabih, P. 375)

❁❁❁❁

۸- "اذا انتعل احد کم فلیبدأ بالیمنی واذا نزع یده فلیبدأ بالشمال ، لتکن الیمنی اوّلهما تنعل وآخرهما تنزع"۔

(متفق علیه ، مشکوۃ ص ۳۸۰)

۸۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ جب تم میں سے کوئی جوتا پہنے تو داہنے پاؤں سے شروع کرے اور جب نکالے تو بائیں سے شروع کرے، ہونا یوں چاہیے کہ داہنا پاؤں پہننے میں پہلا ہو اور نکالنے میں آخری"۔ (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ ص ۳۸۰)

8- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"Whenever you put on your shoes, begin with the right foot, and when you take them off, begin with the left one. It means the right foot should precede while putting on and it should follow while taking off."*(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih. P. 380)*

❁❁❁❁

۹- "اذا انقطع شسع نعله فلا یمش فی نعل واحدة حتی یصلح شسعه ولا یمش فی خفّ واحد ولا یاکل بشماله"۔

(مسلم مختصرًا ، مشکوۃ ص ۳۸۰)

۹۔ حضرت جابرؓ۔ "اگر کسی کا جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے تو اسے چاہیے کہ وہ صرف ایک پاؤں میں جوتا پہن کر نہ چلے بلکہ تسمہ کو ٹھیک کرالے اور صرف ایک موزہ پہن کر نہ چلے، (اسی طرح) بائیں ہاتھ سے نہ کھانا چاہیے"۔ (مسلم، مشکوٰۃ ص ۳۸۰)

9- Hazrat Jabir ﷺ:

"If the lace of one shoe breaks, do not walk in one shoe but get the lace repaired, nor walk with only one stocking on. And (similarly) do not eat with your left hand."
(Muslim, Mishkaat ul Masabih. P. 380)

❁❁❁❁

۱۰- "الفطرة خمس الختان والاستحداد وقصّ الشارب وتقلیم الاظفار ونتف الابط"۔

(متفق علیه ، مشکوۃ ص ۳۸۰)

www.peopleofsunnah.com

۱۰۔ حضرت ابوہریرہؓ "پانچ چیزیں فطرت انسانی میں داخل ہیں' ختنہ' زیرناف کے بال صاف کرنا' مونچھوں کو پست رکھنا' ناخن تراشنا' اور بغلوں کے بال لینا"۔

(بخاری' مسلم' مشکوٰۃ ص ۳۸۰)

10- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"Five things are part of human nature; circumcision; shaving off the pubic hair; shortening the moustaches; paring the nails; shaving the hair of armpits."

(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 380)

❁❁❁❁

۱۱ - "خالفوا المشرکین او فروا اللّحی واحفوا الشوارب"۔

(متفق علیه ' مشکوة ص ۳۸۰)

۱۱۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "مشرکین کی مخالفت کرو' داڑھیاں بڑھاؤ' اور مونچھوں کو خوب پست کرو"۔ (بخاری' مسلم' مشکوٰۃ ص ۳۸۰)

11- Hazrat Abdullah b. Omar ﷺ:

"Oppose the polytheists, grow beards and shorten your moustaches." *(Muslim)*

❁❁❁❁

۱۲ - "لعن الله المتشبّهین من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء با الرجال"۔ (بخاری ' مشکوة ' ۳۸۰)

۱۲۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ۔ "اللہ ان مردوں پر لعنت کرتا ہے جو عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کریں' اور ان عورتوں پر لعنت کرتا ہے جو مردوں کی مشابہت اختیار کریں"۔

(بخاری' مشکوٰۃ ص ۳۸۰)

12- Hazrat Abdullah b. Abbas ﷺ:

"Allah curses men who adopt resemblance of women and women who adopt resemblance of men."

(Bukhari, Mishkaat ul Masabih, P. 380)

❁❁❁❁

۱۳ - "من کان له شعر فلیکرمه"۔

(ابوداؤد ' مشکوة ص ۳۸۲)

۱۳۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "جس شخص نے (سر پر) بال رکھے ہوں' اسے چاہیے کہ ان کا اکرام کرے (یعنی انہیں صاف ستھرا رکھے' اور کبھی کبھی کنگھی کرلیا کرے)"۔

(ابوداؤد' مشکوٰۃ ص ۳۸۲)

13- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"He who grows hair on his head, should respect them, (that is, he should keep them clean and combed).

(Abu Daud, Mishkaat ul Masabih, P. 382)

❁❁❁❁

۱٤ - "غیّروا الشیب ولا تشبّهو بالیهود"۔

(ترمذی ' مشکوة ص ۳۸۲)

۱۴۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "سفید بالوں کے رنگ کو (مہندی کے ذریعہ) بدل دیا کرو' لیکن یہودیوں کے ساتھ مشابہت پیدا نہ کرو"۔ (ترمذی' ابوداؤد' مشکوٰۃ ص ۳۸۲)

www.peopleofsunnah.com

14- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"Dye white hair (with *henna*) but do not look like the Jews."
(Tirmizi, Abu Daud, Mishkaat ul Masabih, P. 382)

❀❀❀❀

١٥- "لا تدخل الملائكة بيتا فيه كلب ولا تصاوير"۔

(متفق علیہ ، مشکوۃ ص ٣٨٥)

۱۵۔ حضرت ابو طلحہؓ۔ "فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا ہو یا تصویریں ہوں"۔ (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ ص ۳۸۵)

15- Hazrat Abu Talha ؓ:

"Angels do not enter a house in which there is a dog, or pictures." *(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 385)*

❀❀❀❀

﴿النوم والجلوس﴾

سونے اور اٹھنے بیٹھنے کے آداب

ETIQUETTES OF SLEEPING, SITTING, RISING:

١- "من بات على ظهر بيت ليس له حجار فقد برئت منه الذمة"۔ (ابوداؤد ، ترغیب ص ٥٨ ج٤)

۱۔ حضرت علی بن شیبانؓ۔ "جو شخص کسی مکان کی ایسی چھت پر سوئے جس میں پتھروں وغیرہ کی روک نہ ہو تو اس سے ذمہ بری ہے"۔ (ابوداؤد، ترغیب ص ۵۸، ج ۴)

1- Hazrat Ali b. Sheban ؓ:

"No one is responsible if anyone sleeps on a roof not barricaded by stones etc."
(Abu Daud, Al Targhib wal Tarhib, P. 58, Vol. 4)

❀❀❀❀

٢- "انّ هذه ضجعه يبغضها الله (يعنى النوم على البطن)"۔

(ابوداؤد ، ترغیب ص ٦٠ ، ج٤)

۲۔ حضرت یعیش بن ضجعہؓ۔ "لیٹنے کا یہ طریقہ (یعنی پیٹ کے بل لیٹنا) اللہ کو ناپسند ہے"۔ (ابوداؤد، ترغیب ۶۰، ج ۲)

2- Hazrat Ya'eesh b. Zaj'tah ؓ:

"Allah dislikes this posture of lying (i.e. to lay down with back upward)." *(Abu Daud, Al Targhib wal Tarhib, P. 60, Vol. 2)*

❀❀❀❀

٣- "اذا كان احدكم فى الفيئ فقلص عنه الظلّ فصار بعضه فى الشمس وبعضه فى الظلّ فليقم"۔

(ابوداؤد ، حاكم ، ترغیب ص ٦٠ ، ٦١ ، ج٤)

۳۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ "اگر تم میں سے کوئی شخص سایہ میں بیٹھا ہو، پھر اس سے سایہ ہٹ جائے اور اس کے جسم کا کچھ حصہ دھوپ میں اور کچھ سایہ میں آجائے تو اسے چاہیے کہ کھڑا ہو جائے"۔ (ابوداؤد، ترغیب ص ۶۰، ج ۴)

www.peopleofsunnah.com

3- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"If any one of you is sitting in a shade and then the shade moves so that a part of his body is in the sun and a part in the shade, he should stand up."

(Abu Daud, Al Targhib wal Tarhib, P. 60, Vol. 4)

❁❁❁❁

٤- "اكرم المجالس ماستقبل به القبلة"۔

(طبرانی ' ترغیب ص ٦١ ' ج٤)

۴۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "مجلس میں بیٹھنے کا عزز ترین طریقہ یہ ہے کہ قبلہ رو ہو کر بیٹھا جائے"۔ (طبرانی ترغیب ص ۶۱' ج ۴)

4- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:

"The most respectable way to sit in a gathering is to sit facing the Ka'ba." *(Tibrani, Al Targhib wal Tarhib, P. 61, Vol. 4)*

❁❁❁❁

٥- "لا تتركوا النار فى بيوتكم حين تنامون"۔

(بخارى ' مسلم ' مشكوة ص ٣٧٢)

۵۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "سوتے وقت اپنے گھروں میں آگ جلتی مت چھوڑو"۔

(بخاری' مسلم' مشکوۃ ص ۳۷۳' ج ۲)

5- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:

"Do not leave fire burning in your houses when you are asleep."

(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 373, Vol. 2)

❁❁❁❁

﴿حق المسلم على المسلم﴾

اجتماعی زندگی

(SOCIAL LIFE)

دوسرے مسلمانوں کے حقوق

RIGHTS OF OTHER MUSLIMS:

١- "للمؤمن على المؤمن ستّ خصال يعوده اذا مرض ويشهده اذا مات ويجيبه اذا دعاه ويسلّم عليه اذا لقيه ويشمّته اذا عطس وينصح له اذا غاب اوشهد"۔

(نسائی ' مشکوۃ ص ۳۹۷)

www.peopleofsunnah.com

۱۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "ہر مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں' ۱۔ جب کوئی بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے' ۲۔ کسی کا انتقال ہو تو اس کے جنازہ میں شرکت کرے' ۳۔ کوئی دعوت کرے تو اس کی دعوت کو قبول کرے' ۴۔ کسی سے ملاقات ہو تو اسے سلام کرے' ۵۔ اسے چھینک آئے تو (یرحمک اللہ کہہ کر) اس کا جواب دے' ۶۔ اور اس کی موجودگی میں بھی اور پیٹھ پیچھے بھی اس کی خیر خواہی کرے"۔ (نسائی' مشکوٰۃ ص ۳۹۷)

1- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"Every Muslim has six rights on a fellow Muslim: (1) to inquire after his health when he falls ill; (2) attend his funeral when he dies; (3) accept an invitation when he is invited; (4) greet him with salutation of peace when they meet; (5) if he sneezes, say, 'May Allah shower mercy on you', (6) and wish him well behind his back as well as when face to face."

(Nisai, Mishkaat ul Masabih, P. 397)

❁❁❁❁

۲- "لا تدخلوا الجنة حتى تؤمنوا ولا تؤمنوا حتى تحابّوا ' اولا ادلّكم على شئ اذا فعلتموه تحاببتم؟ افشوا السلام بينكم"۔ (مسلم ' ایضاً)

۲۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "تم اس وقت تک جنت میں نہیں جا سکتے جب تک مومن نہ ہو' اور اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے' جب تک آپس میں ایک دوسرے سے محبت نہ ہو' اور کیا میں تمہیں ایک ایسا طریقہ نہ بتاؤں کہ اس پر عمل کرنے سے تم میں باہمی محبت پیدا ہو؟ ..... (وہ طریقہ یہ ہے کہ) تم ایک دوسرے کو سلام واضح طریقہ سے کیا کرو"۔

(مسلم' ترغیب ص ۳۹۷)

2- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"You cannot enter Paradise unless you are a believer, and you cannot be a believer unless you love one another. And should I not tell you a way by which, if you act on it, there will be mutual love among you? The way is that you greet one another with salutation of peace (*salam*)."

(Muslim, Al Targhib wal Tarhib, P. 397)

❁❁❁❁

۳- "یسلّم الراکب على الماشی والماشی على القاعد والقلیل على الکثیر"۔ (متفق علیہ ' ایضاً)

۳۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "سوار پیدل کو سلام کرے' چلنے والا بیٹھے ہوئے کو اور تھوڑی جماعت بڑی جماعت کو"۔ (بخاری' مسلم' مشکوٰۃ ص ۳۹۷)

3- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"The one, who is riding, should greet him who is on foot, the one who is walking to him who is sitting, and the smaller group to the bigger one."

(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 397)

❁❁❁❁

٤- "یسلم الصغیر على الکبیر"۔ (بخاری، ایضاً)

۴۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "چھوٹا بڑے کو سلام کرے"۔ (بخاری' مشکوٰۃ ص ۳۹۷)

4- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"The younger should salute the elder one."

(Bukhari, Mishkaat ul Masabih, P. 397)

❁❁❁❁

www.peopleofsunnah.com

٥- "انّ اولى الناس بالله من بدأ بالسلام"۔

(احمد ، ترمذی ، ابوداؤد ، مشکوۃ ص ۳۹۸)

۵۔ حضرت ابوامامہؓ۔ "اللہ سے قریب ترین شخص وہ ہے جو سلام کی ابتدا کرے"۔

(احمد ، ترمذی ، مشکوۃ ص ۳۹۸)

5- Hazrat Abu Umama ﷺ:

"Nearest to Allah is he who salutes first."

(Ahmed, Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P. 399)

❁❁❁❁

٦- "اذا دخلتم بيتا فسلّموا على اهله واذا خرجتم فاو دعوا اهله بسلام"۔ (بيهقى فى شعب الايمان ، مشكوة ص ٣٩٩)

۶۔ حضرت قتادہؓ۔ "جب تم کسی گھر میں داخل ہو تو اس کے باشندوں کو سلام کرو اور جب وہاں سے جانے لگو تو ان کو سلام کر کے رخصت ہو"۔ (بیہقی ، مشکوۃ ص ۳۹۹)

6- Hazrat Qatada ﷺ:

"When you enter a house, salute the inmates, and salute them when you leave." *(Baihaqi, Mishkaat ul Masabih, P. 393)*

❁❁❁❁

٧- "ما من مسلم يلتقيان فيتصافحان الّا غفر لهما قبل ان يتفرقا"۔ (احمد ، ترمذی ، مشكوة ص ٤٠١)

۷۔ حضرت براء بن عازبؓ۔ "جب بھی دو مسلمان آپس میں ملاقات کرتے اور مصافحہ کرتے ہیں تو ان کے جدا ہونے سے پہلے ان کے (صغیرہ گناہوں کی) مغفرت کر دی جاتی ہے"۔ (احمد ، ترمذی ، مشکوۃ ص ۴۰۱)

7- Hazrat Bara'a b. Aazib ﷺ:

"Whenever two Muslims meet and shake hands, their (minor) sins are forgiven before they part with each other."

(Ahmed, Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P. 401)

❁❁❁❁

٨- "تمام عيادة المريض ان يضع احدكم يده على جبهته او على يده فيسأله كيف هو وتمام تحيّاتكم بينكم المصافحة"۔

(احمد ، ترمذی ، مشكوة ص ٤٠٢)

۸۔ حضرت ابوامامہؓ۔ "بیمار کی مکمل عیادت یہ ہے کہ تم اس کی پیشانی پر یا ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھو اور اس سے پوچھو کہ وہ کیسا ہے؟ اور آپس میں ملتے وقت مکمل تحیہ یہ ہے کہ مصافحہ بھی کرو"۔ (مشکوۃ ص ۴۰۲)

8- Hazrat Abu Umama ﷺ:

"When you visit an ailing person, place your hand on his forehead or on his hand and inquire after his health, and the complete etiquette of greeting each other is to shake hand."

(Mishkaat ul Masabih, P. 402)

❁❁❁❁

٩- "لا يقيم الرجل الرجل من مجلسه ثم يجلس فيه ولكن تفسّحوا وتوسّعوا"۔ (متفق عليه ، مشكوة ص ٤٠٣)

۹۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "کوئی شخص خود بیٹھنے کے لیے دوسرے کو اس کی جگہ سے کھڑا نہ کرے اس کی بجائے مجلس میں ایک دوسرے کو جگہ دو اور دوسروں کے لیے وسعت پیدا کرو"۔ (بخاری ، مسلم ، مشکوۃ ص ۴۰۳)

www.peoplesofislam.com

9- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:

"No one should make the other person rise in order to take his seat. Instead, expand and give place to one another in a gathering." *(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 403)*

❁❁❁❁

١٠ - "من قام من مجلسه ثم رجع اليه فهو احقّ به"۔

(مسلم ، مشكوة ص٤٠٣)

۱۰۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ "جو شخص اپنی مجلس سے اٹھ کر کہیں جائے، پھر واپس آجائے تو وہ اس جگہ کا زیادہ حق دار ہے"۔ (مسلم، مشکوٰۃ ص ۴۰۳)

10- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"If a person rises from his place and goes somewhere and returns, he has a greater right to occupy it."
(Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 403)

❁❁❁❁

١١ - "من سرّه ان يتمثّل له الرجال قياماً فليتبوّأ مقعده من النار"۔ (ترمذی ، ابوداؤد ، مشكوة ص٤٠٣)

۱۱۔ حضرت معاویہؓ۔ "جس شخص کو یہ پسند ہو کہ لوگ اس کے سامنے کھڑے رہیں (اور وہ بیٹھا رہے) تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے"۔ (ترمذی، ابوداؤد، مشکوٰۃ ص ۴۰۳)

11- Hazrat Muaaviya ؓ:

"If a person likes (to keep sitting while) the others keep on standing before him, let him make his abode in the Hell."
(Tirmizi, Abu Daud, Mishkaat ul Masabih, P. 403)

❁❁❁❁

١٢ - "لا تجلس بين رجلين الّا باذنهما"۔

(ابوداؤد ، مشكوة ٤٠٤)

۱۲۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "دو آدمیوں کے درمیان ان سے اجازت لیے بغیر مت بیٹھو"۔ (ترمذی، ابوداؤد، مشکوٰۃ ص ۴۰۲)

12- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:

"Do not sit in between two persons without their permission."
(Tirmizi, Abu Daud, Mishkaat ul Masabih, P. 403)

❁❁❁❁

١٣ - "انّ للمسلم لحقّاً اذا رآه اخوه ان يتزحزح له"۔

(بيهقى ، مشكوة ص ٤٠٤)

۱۳۔ حضرت واثلہ بن خطابؓ۔ "مسلمان کا یہ حق ہے کہ جب اس کا بھائی اسے دیکھے تو اس کی خاطر اپنی جگہ سے (کچھ) حرکت کرے"۔ (بیہقی، مشکوٰۃ، ص ۴۰۴)

13- Hazrat Waasila b. Khattab ؓ:

"It is a Muslim's right that, when a brother Muslim looks at him, he should move aside and make room for him."
(Baihaqi, Mishkaat ul Masabih, P. 404)

❁❁❁❁

١٤ - "ان الله يحب العطاس ويكره التثاؤب، فاذا عطس احدكم وحمد الله كان حقّاً على كل مسلم سمعه ان يقول

يرحمك الله ، فامّا التثاؤب فانّما هو من الشيطان فاذا تثاؤب احدكم فليردّه ماستطاع فانّ احدكم اذا تثاؤب ضحك منه الشيطان"۔ (بخاری ، مشکوۃ ص۴۰۵)

۱۴۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند کرتا ہے اور جمائی کو ناپسند کرتا ہے' جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے اور وہ الحمدللہ کہے تو ہر مسلمان پر جس نے الحمدللہ سنا ہو' اس کا یہ حق ہے کہ وہ جواب میں یرحمک اللہ کہے' جہاں تک جمائی کا تعلق ہے وہ تو شیطانی چیز ہے' لہٰذا جب کسی کو جمائی آئے تو اسے چاہیے کہ جتنا ہو سکے اسے روکے' اس لیے کہ جب کوئی جمائی لیتا ہے تو شیطان ہنستا ہے"۔ (بخاری' مشکوۃ ص۴۰۵)

14- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"Allah likes sneezing and dislikes yawning. When one of you sneezes, he should say, 'Allah be praised', and it is his right on everybody who hears that they say, 'May Allah have mercy on you'. And as for yawning, one should suppress it, as far as possible, because Satan laughs when one yawns."

(Bukhari, Mishkaat ul Masabih, P. 405)

❀❀❀❀

۱۵- "شمّت العاطس ثلاثا فماذا دفان شئت فشمّته وان شئت فلا"۔ (ترمذی ، مشکوۃ ص۴۰۶)

۱۵۔ حضرت عبید بن رفاعہؓ۔ "چھینک والے کو تین مرتبہ (یرحمک اللہ کہہ کر) جواب دیدو' لیکن اسے اس سے زیادہ چھینکیں آتی ہیں تو چاہے جواب دیدو' چاہے نہ دو"۔

(ابوداؤد' ترمذی' مشکوۃ ص۴۰۶)

15- Hazrat Ubaid b. Rafa'ah ﷺ:

"Answer a sneezing person three times (with the words, 'May Allah have mercy on you'), but if one sneezes more than that, you may or may not answer."

(Abu Daud, Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P. 406)

❀❀❀❀

۱۶- "اذا تثاؤب احد كم فليمسك بيده على فمه"۔

(مسلم مختصرًا ، مشکوۃ ص۴۰۶)

۱۶۔ حضرت ابوسعید خدریؓ۔ "جب کسی کو جمائی آئے تو وہ اپنا ہاتھ منہ پر رکھ لے"۔

(مسلم' مشکوۃ ص۴۰۶)

16- Hazrat Abu Saeed al-Khudri ﷺ:

"Place your hand on your mouth when you yawn."

(Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 406)

❀❀❀❀

﴿مع المسلمين﴾

دوسروں کے ساتھ سلوک

SOCIAL BEHAVIOUR:

۱- "سباب المسلم فسوق وقتاله كفر"۔

(متفق علیه ، مشکوۃ ص۴۱۱)

۱۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔ "مسلمان کو گالی دینا گناہ ہے اور اس کے ساتھ قتال کفر ہے"۔

(متفق علیہ' مشکوۃ ص۴۱۱)

www.pedfsofsunnah.com

1- Hazrat Abdullah b. Masud ؓ:

"To revile a Muslim is a sin and to kill him is *kufr* (disbelief)."
(Al-Bukhari and Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 411)

❁❁❁❁

٢- "لا ينبغى لصدّيق ان يكون لعاناً"۔

(مسلم ، مشكوة ص٤١١)

۲۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ "کسی سچے مسلمان کے شایان شان نہیں کہ وہ دوسروں پر لعنت کرتا پھرے"۔ (مسلم، مشکوٰۃ ص۴۱۱)

2- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"It is unbecoming of a (true) Muslim that he goes on cursing others." *(Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 411)*

❁❁❁❁

٣- "اذا قال الرجل هلك الناس فهواهلكهم"۔

(مسلم ، ايضاً)

۳۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ "جو شخص (اپنے آپ کو پاک وصاف سمجھتے ہوئے) یہ کہے کہ لوگ تباہ ہوگئے ہیں (یعنی اعمال بد میں مبتلا ہیں) تو وہ شخص ان عام لوگوں سے زیادہ تباہ حال ہے"۔
(مسلم، مشکوٰۃ ص۴۱۱)

3- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"If any one (assuming himself to be pious) says that others are ruined (i.e., their deeds are evil), then, he himself is more ruined." *(Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 411)*

❁❁❁❁

٤- "تجدون شر الناس يوم القيامة ذاالوجهين الذى ياتى هؤلاء بوجه وهؤلاء بوجه"۔ (متفق عليه ، مشكوة ص٤١١)

۴۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ "قیامت کے روز بدترین شخص وہ دو رخا آدمی ہوگا جو ان کے پاس ایک روپ میں آئے اور اُن کے پاس دوسرے روپ میں"۔ (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ ص۴۱۱)

4- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"On the Judgment Day, the worst man will be the double-faced man, who comes to one, showing one side of himself and to another, showing another side of himself."
(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 411)

❁❁❁❁

٥- "لا يدخل الجنة قتات"۔ (ايضاً)

۵۔ حضرت حذیفہؓ۔ "چغلخور جنت میں داخل نہیں ہوگا"۔ (مسلم، مشکوٰۃ ص۴۱۱)

5- Hazrat Huzaifa ؓ:

"The backbiter will not enter paradise."
(Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 411)

❁❁❁❁

٦- "من ترك المراء وهو محق بنى له فى وسط الجنة ومن حسّن خلقه بنى له فى اعلاها"۔ (ترمذى، مشكوة ص٤١٢)

۶۔ جس نے حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا چھوڑ دیا اسکے لئے جنت کے بیچوں بیچ محل تعمیر کیا جائے گا اور جس نے اپنے اخلاق اچھے بنالئے اسکے لئے اعلیٰ علیین میں محل تعمیر کیا جائے گا۔
(ترمذی، مشکوٰۃ ص۴۱۲)

www.peopleofsunnah.com

6- Hazrat ??????? ﷺ:

?????????????
?????????

(????????)

❀❀❀❀

٧- "ويل لمن يحدث فيكذب ليضحك به القوم ويل له ويل له"۔ (احمد ، مشكوة ص٤١٣)

۷۔ حضرت بہز بن حکیمؓ۔ "افسوس ہے اس شخص پر جو جھوٹی باتیں کرے تاکہ لوگ ہنسیں افسوس ہے اس پر افسوس ہے اس پر"۔ (احمد، مشکوٰۃ ص ۴۱۲، ۴۱۳)

7- Hazrat Bahz b. Hakeem ﷺ:

"Pity on him who tells lies to make people laugh. Pity on him! Pity on him." *(Ahmed, Mishkaat ul Masabih, P. 412, 413)*

❀❀❀❀

٨- "من عيّر اخاه بذنب لم يمت حتى يعمله يعنى من ذنب قد تاب منه"۔ (ترمذى ، مشكوة ص٤١٤)

۸۔ حضرت معاذؓ۔ "جو شخص اپنے (مسلمان) بھائی کو کسی (ایسے) گناہ پر (جس سے اس نے توبہ کر لی ہو) عار دلائے تو وہ اس وقت تک نہیں مرے گا، جب تک خود اس گناہ کا ارتکاب نہ کرلے"۔ (ترمذی، مشکوٰۃ ص ۴۱۴)

8- Hazrat Muaaz ﷺ:

"Whoso reprimands a (brother) Muslim for a sin (for which he has repented), will not die until he himself has committed that sin."

(Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P. 414)

❀❀❀❀

٩- "ما احب انى حكيت احد او انّ لى كذا وكذا"۔

(ترمذى ، مشكوة ص٤١٤)

۹۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔ "مجھے پسند نہیں ہے کہ میں کسی کی نقل اتاروں، خواہ مجھے اس کے بدلے میں کچھ ہی کیوں نہ مل جائے"۔ (ترمذی، مشکوٰۃ ص ۴۱۴)

9- Hazrat Aycsha رضی اللہ عنہا:

"I do not like imitating anyone, even though I get anything for it." *(Tirmizi, Mishkaat ul Masabih. P. 414)*

❀❀❀❀

١٠- "انّ الله اوحى الىّ ان تواضعوا حتى لا يفخر احد على احد ولا يبغى احد على احد"۔

(مسلم ، مشكوة ص٤١٨)

۱۰۔ حضرت عیاض بن حمارؓ۔ "اللہ نے مجھ پر وحی بھیجی ہے کہ تم تواضع اختیار کرو، یہاں تک کہ کوئی شخص کسی دوسرے پر بڑائی کا اظہار نہ کرے اور کوئی کسی پر ظلم نہ کرے"۔

(مسلم، مشکوٰۃ ص ۴۱۷)

10- Hazrat Ayyaz b. Himar ﷺ:

"Allah has revealed to me that you be modest, to the limit, that no one should be proud of his status as higher to anyone and on one should inflict injustice on anyone."

(Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 417)

❀❀❀❀

www.peoplesofsunnah.com

١١- "لينتهين اقوام يفتخرون بآبائهم الذين ماتوا ، انما هم فحم من جهنم ، اوليكونن اهون على الله من الجعل الذى يدهده الخراء بانفه ان الله قد اذهب عنكم عبيّة الجاهلية وفخرها بالاباء ، انما هو مؤمن تقيّ او فاجر شقى ، الناس كلّهم بنو آدم وآدم من تراب"۔

(ترمذی ، ابوداؤد ، مشکوۃ ص ٤١٩)

۱۱۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "جو لوگ اپنے مرے ہوئے (کافر) آباؤاجداد پر فخر کرتے ہیں وہ باز آ جائیں (کیونکہ) وہ تو اب جہنم کا کوئلہ بن چکے ہیں' ورنہ ایسے لوگ اللہ کے نزدیک اس سیاہ کیڑے سے بھی زیادہ ذلیل ہوں گے جو اپنی ناک سے گندگی ڈالتا پھرتا ہے' بلاشبہ اللہ نے تم لوگوں سے جاہلیت کی نخوت دور کر دی ہے اور جاہلیت میں جو آباؤاجداد پر فخر کیا جاتا تھا اس سے نجات دیدی ہے' اب انسان صرف دو قسم کے ہیں' یا متقی مومن' یا بدباطن گنہگار' سارے انسان آدم کے بیٹے ہیں اور آدم مٹی سے پیدا ہوئے تھے"۔

(ترمذی' ابوداؤد' مشکوۃ ص ۴۱۸)

11- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"People who are proud of their (polytheist) ancestors should refrain from doing so because those ancestors have now become cinders of hell-fire, otherwise these people will be worse than those black worms which pour filth through their noses. Verily, Allah has removed from you the curse of ignorance and relieved you of the vanity prevailing during it. Now human beings are only of two kinds: either pious believers or ill-natured sinners.

All human beings are children of Adam and Adam was created from clay." *(Tirmizi, Abu Daud, Mishkaat ul Masabih, P. 418)*

❀❀❀❀

١٢- "الرّحمون يرحمهم الرحمن ، ارحموا من فى الارض يرحمكم من فى السماء"۔ (ترمذی ، ابوداؤد ، جمع الفوائد)

۱۲۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ رحمٰن رحم کرنے والوں پر رحم کرتا ہے' زمین والوں پر رحم کرو' آسمان والا تم پر رحم کرے گا"۔ (ترمذی' ابوداؤد' جمع الفوائد ص ۴۲۷' ج ۲)

12- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:

"The Merciful One showers mercy on those who are merciful; show mercy to the creatures of the earth and the Heavenly One will show you mercy." *(Tirmizi, Abu Daud)*

❀❀❀❀

١٣- "بينما رجل يمشى بطريق اشتدّ عليه العطش ، فوجد بئراً فنزل فيها ، فشرب ثم خرج فاذا كلب يلهث ياكل الثرى من العطش ، فقال الرجل لقد بلغ هذا الكلب من العطش مثل الذى كان بلغ منى ، فنزل البئر فملأ خفه ماءً ثم امسكه بفيه حتى رقى ، فسقى الكلب ، فشكر الله له فغفر له"۔ (شیخین ، جمع الفوائد ، ص ٤٢٨ ، ج ٢)

۱۳۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "ایک مرتبہ ایک شخص اپنی راہ پر جا رہا تھا کہ اسے شدید پیاس لگی' کچھ دیر میں اسے ایک کنواں مل گیا' اس نے اس میں اتر کر پانی پیا' اور نکل آیا' اچانک اس نے دیکھا

کہ ایک ہانپتا ہوا کتا پیاس کی شدت سے مٹی کھا رہا ہے' اس شخص نے کہا کہ اس کو ایسی ہی پیاس لگی ہے جیسی مجھے لگی ہوئی تھی' یہ سوچ کر وہ کنویں میں اترا' اور کوئی برتن موجود نہیں تھا' جس میں پانی نکالتا (اس لیے) اس نے اپنے موزے کو پانی سے بھرا' اور اسے اپنے منہ میں تھام کر اوپر آگیا اور کتے کو پانی پلایا' اللہ تعالیٰ نے اس کے اس عمل کی اتنی قدر کی کہ اسے بخش دیا"۔

(بخاری' مسلم وغیرہ' جمع الفوائد ص ۴۲۸' ج ۲)

13- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"Once a man was going somewhere when he felt thirsty. Soon he found a water well and he went down to it and drank to his fill. Suddenly, he saw a dog so thirsty that it was trying to suck water out of wet earth. The man thought that it must be as thirsty as he himself was; so he went down again in the well and, not having any vessel with him, he filled his stocking with water and holding it with his teeth, climbed out and gave the dog to drink from it. This deed so pleased Allah that He granted salvation to that man." *(Bukhari, Muslim, etc.)*

❁❁❁❁

١٤ - "اذا احبّ الرجل اخاه فليخبره انه يحبّه"۔

(ابوداؤد ' ترمذی ' جمع الفوائد ص ۳۵۸ ' ج ۲)

۱۴۔ حضرت مقدام بن معدیکربؓ۔ "جب کسی شخص کو اپنے کسی بھائی سے محبت ہو جائے' تو اسے چاہیے کہ اسے بتادے کہ میں تم سے محبت کرتا ہوں"۔

(ابوداؤد' ترمذی' جمع الفوائد ص ۳۵۸' ج ۲)

14- Hazrat Miqdam b. Ma'adi Karb ؓ:

"If anyone falls in love with a brother Muslim, he should tell him that he loves him." *(Abu Daud, Tirmizi)*

❁❁❁❁

١٥ - "احبب حبيبك هوناً مّا ' عسى ان يكون بغيضك يوماً مّا ' وابغض بغيضك هوناً مّا ' عسى ان يكون حبيبك يوماً مّا"۔

(ترمذی ' جمع الفوائد ص ۳۶۳ ' ج ۲)

۱۵۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "جس سے محبت ہو' اس سے محبت اعتدال کے ساتھ کرو' ہو سکتا ہے کہ وہ کسی دن تمہارا مبغوض بن جائے اور جس سے تمہیں بغض اور نفرت ہو اس سے نفرت اعتدال کے ساتھ کرو' ہو سکتا ہے کہ وہ کسی دن تمہارا محبوب بن جائے"۔

(ترمذی' جمع الفوائد ص ۳۵۸' ج ۲)

15- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"If you love someone, love moderately, because it may happen that he might some day become hostile; and if you hate someone hate him moderately because it may happen that he might become your beloved some day." *(Tirmizi)*

❁❁❁❁

١٦ - "ان من اكمل المؤمنين ايماناً احسنهم خلقا والطفهم باهله"۔

(ترمذی ' جمع الفوائد ص ۳۶۳ ' ج ۲)

۱۶۔ حضرت عائشہؓ۔ "مسلمانوں میں مکمل ترین ایمان اس شخص کا ہے جو زیادہ خوش اخلاق ہو اور اپنے گھر والوں کے ساتھ زیادہ نرمی اور مہربانی کا معاملہ کرتا ہو"۔

(ترمذی' جمع الفوائد ص ۳۶۳' ج ۲)

www.peopleofsunnah.com

16- Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا:

"The most perfect in faith among Muslims, is he, who is more courteous and who is more kind and soft-spoken with his family members." *(Tirmizi)*

❁❁❁❁

﴿الوحدة والتعاون فيمابين المسلمين﴾

باہمی اتحاد اور تعاون

MUTUAL UNITY AND COOPERATION:

١ - "مثل المؤمنين فى توادهم وتراحمهم وتعاطفهم مثل الجسد ، اذا اشتكى منه عضو تداعى له سائر الجسد بالسهر والحمى"۔ (شيخان ، جمع الفوائد ص٣٥٨ ، ج٢)

۱۔ حضرت نعمان بن بشیرؓ۔ "باہمی دوستی اور ایک دوسرے پر رحم و شفقت میں مسلمانوں کی مثال ایک جسم کی سی ہے، جب اس کے کسی عضو کو کوئی تکلیف ہو تو پورا جسم اس کی خاطر بخار اور بیداری میں مبتلا ہو جاتا ہے"۔ (بخاری، مسلم، جمع الفوائد ص۳۵۸، ج۲)

1- Hazrat Nauman b. Bashir ؓ:

"In mutual friendship, mercy and kindness, Muslims are like a single body. If one part of it is in pain, the whole body becomes restless and feverish." *(Bukhari, Muslim)*

❁❁❁❁

٢ - "انصر اخاك ظالماً اومظلوماً ، فقال الرجل يا رسول الله انصره اذا كان مظلوماً ، افرأيت ان كان ظالماً كيف انصره؟ قال تحجزه اوتمنعه عن الظلم ، فان ذلك نصره"۔

(بخاری ، ترمذی ، جمع الفوائد ص٣٥٥ ، ج٢)

۲۔ حضرت انسؓ۔ "اپنے بھائی کی مدد کرو، وہ ظالم ہو، تب بھی، اور مظلوم ہو تب بھی، ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ! مظلوم کی تو میں مدد کروں گا، لیکن ظالم کی مدد کیسے کروں؟ اس پر آپؐ نے فرمایا۔ اسے ظلم سے روکو، یہی اس کی مدد ہے"۔

(بخاری، ترمذی، جمع الفوائد ص۳۵۵، ج۲)

2- Hazrat Anas ؓ:

"Help your brother-oppressor or oppressed", whether he be a tyrant or one on whom tyranny is inflicted. Someone asked 'O Prophet of Allah ﷺ, I will help the one oppressed, but how am I to help the oppressor?' The Prophet ﷺ replied, "By stopping him from oppressing. It is his help." *(Bukhari, Tirmizi)*

❁❁❁❁

٣ - "ما من مسلم يخذل امراء مسلماً فى موضع ينتهك فيه حرمته وينتقص فيه من عرضه الّا خذله الله فى موضع يحبّ فيه نصرته ، وما من امرئ ينصر مسلما فى موضع ينتقص فيه من عرضه وينتهك فيه من حرمته الّا نصره الله فى موضع يعب نصرته"۔

(أبوداؤد ، جمع الفوائد ص ٣٥٥ ، ج٢)

www.peopleofsunnah.com

۳۔ حضرت جابرؓ وابو طلحہؓ۔ "جو مسلمان بھی کسی دوسرے مسلمان کو کسی ایسی جگہ ۔بے یار و مددگار چھوڑ دے جہاں اس کی بے حرمتی ہو رہی ہو' اور آبرو پر حملہ کیا جا رہا ہو تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو ایسی جگہ ۔بے یار و مددگار چھوڑ دے گا جہاں وہ اپنی مدد کو پسند کرتا ہو' اور جو شخص بھی کسی مسلمان کی ایسی جگہ مدد کرے گا جہاں اس کی آبرو پر حملہ کیا جا رہا ہو اور اس کی بے حرمتی کی جا رہی ہو۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی ایسی جگہ مدد کرے گا جہاں وہ اپنی مدد کو پسند کرتا ہو"۔ (ابو داؤد' جمع الفوائد ص ۳۵۵' ج ۲)

3- Hazrat Jabir ﷺ & Hazrat Abu Talha ﷺ:

"If a Muslim, seeing a fellow Muslim being assaulted and insulted, turns away without helping him, Allah will turn away from him when he is being assaulted or insulted. And if he helps a Muslim who is being assaulted and insulted, Allah will help him when he is being assaulted and insulted." *(Abu Daud)*

❁❁❁❁

٤۔ "من ذبّ عن عرض اخيه ردّ الله النار عن وجهه يوم القيامة"۔ (ترمذی ' جمع الفوائد ص ۳۵۵ ' ج ۲)

۴۔ حضرت ابوالدرداؓ۔ "جو شخص اپنے بھائی کی آبرو کا دفاع کرے' اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے چہرے سے آگ دور رکھے گا"۔ (ترمذی' جمع الفوائد ص ۳۵۵' ج ۲)

4- Hazrat Abu Darda ﷺ:

"He who defends the honour of his brother, Allah will keep the fire (of Hell) away from his face in the Hereafter." *(Tirmizi)*

❁❁❁❁

٥۔ "المسلم اخوالمسلم ' لا يظلمه ولا يسلمه ' ومن كان في حاجة اخيه كان الله في حاجته ' ومن فرج عن مسلم كربة فرّج الله عنه بها كربة من كرب يوم القيامة ومن ستر مسلماً ستره الله يوم القيامة"۔

(ابو داؤد ' جمع الفوائد ص ٣٥٦ ' ج ٢)

۵۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "مسلمان' مسلمان کا بھائی ہے نہ اس پر ظلم کرتا ہے' نہ اسے اس کے دشمنوں کے حوالہ کرتا ہے' اور جو شخص اپنے بھائی کی ضرورت پوری کرنے میں لگا ہوا ہو' اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت پوری کرنے میں لگ جاتا ہے' اور جو شخص کسی مسلمان کی کوئی بے چینی دور کرے اللہ تعالیٰ اس کے بدلے قیامت کی ۔بے چینیوں میں سے اس کی کوئی ۔بے چینی دور کرے گا' اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے' اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی کرے گا"۔ (ابو داؤد' جمع الفوائد ص ۳۵۶' ج ۲)

5- Hazrat Abdullah b. Omar ﷺ:

"A Muslim is a Muslim's brother "لا يظلمه"; he does not deliver him to his enemy. And Allah satisfies the needs of him who satisfies the needs of his brother. And a Muslim who removes a brother's anxiety, Allah will remove some of his anxieties on the Last Day. And be who hides another's faults, Allah will hide his faults on the Last Day." *(Abu Daud)*

❁❁❁❁

٦۔ "من مشى مع مظلوم حتى يثبت له حقّه ' ثبت الله قدميه على الصراط يوم تزلّ الاقدام"۔

(شیخین ' ترمذی ' جمع الفوائد ص ٣٥٦ ' ج ٢)

www.peopleofrumah.com

۶۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "جو شخص کسی مظلوم کا حق دلانے کے لیے اس کے ساتھ چلے' اللہ تعالیٰ اسے اس دن پل صراط پر ثابت قدم رکھے گا' جس دن بہت سے قدم لغزش کھا جائیں گے"۔ (شیخین' ترمذی' جمع الفوائد ص ۳۵۶' ج ۳)

6- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:

"He who goes with someone oppressed to help him obtain his right, Allah will keep his steps steady while he crosses the Bridge on the Day when many steps will falter." *(Tirmizi)*

❁❁❁❁❁

۷- "انّ احدكم مرآة اخيه فان راى به اذًى فليمطه عنه"۔

(ترمذی ' جمع الفوائد ص ۳۵۷ ' ج ۲)

۷۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "تم میں سے ہر شخص اپنے بھائی کا آئینہ ہے' لہٰذا اگر کسی کو اس میں کوئی گندگی نظر آئے تو اسے چاہیے کہ وہ گندگی دور کر دے"۔

(ترمذی' جمع الفوائد ص ۳۵۷' ج ۲)

7- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"Everyone of you is a mirror of your brother, so if anyone of you sees filth in it, he should remove it from him." *(Tirmizi)*

❁❁❁❁❁

۸- "لا يحقرن احد كم شيأ من المعروف ' فان لم يجد فليلق اخاه بوجه طلق ' واذا اشتريت لحما اوطبخت قدرًا فاكثر مرقته او اغرف لجارك منه"۔

(ترمذی ' جمع الفوائد ص ۳۵۷ ' ج ۲)

۸۔ حضرت ابوذرؓ۔ "تم میں سے کوئی شخص کسی نیکی کو حقیر نہ سمجھے' اگر اور کچھ نہ کر سکے تو اپنے بھائی سے خندہ پیشانی کے ساتھ ہی مل لے' اور جب تم گوشت خرید و یا کوئی دیگ پکاؤ تو اس میں شوربا زیادہ رکھو اور اس کا کچھ حصہ نکال کر اپنے پڑوسی کو بھیج دو"۔

(ترمذی' جمع الفوائد ص ۳۵۷' ج ۲)

8- Hazrat Abu Zar ؓ:

"Let none of you look down upon any good deed as insignificant. If he cannot do anything better, he can at least greet his brother with a smile. And when you buy meat or cook a dish, make it with extra gravy, so that you may send a part of it to your neighbour." *(Tirmizi)*

❁❁❁❁❁

۹- "من دعا الى هدًى كان له من الاجر مثل اجور من اتبعه ولا ينقص ذلك من اجورهم شيأ ' ومن دعا الى ضلالته كان عليه من الاثم مثل اثام من اتبعه لا ينقص ذلك من اوزارهم شيأ"۔ (شیخان ' جمع الفوائد ص ۳۵۷ ' ج ۲)

۹۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "جو شخص لوگوں کو ہدایت کی دعوت دے تو اسے ان تمام لوگوں کے عمل کا جتنا ثواب ملے گا جو اس کی پیروی کریں گے اور اس سے عمل کرنے والوں کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہو گی' اور جو شخص گمراہی کی دعوت دے تو اسے ان تمام لوگوں کے عمل کا جتنا گناہ ملے گا جو اس کی پیروی کریں گے اور اس سے ان کے گناہوں میں کوئی کمی نہیں ہو گی"۔ (بخاری' مسلم وغیرہ' جمع الفوائد ص ۳۵۸' ج ۲)

www.pooplar.com

9- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"He who invites people to the right path, will get the reward of all the good deeds they will perform henceforth, and the reward of none will be reduced on that account. And he who invites people to do evil, will get the punishment of all the evil deeds they will do, and the sins of none of them will be reduced on that account." *(Bukhari, Muslim, etc.)*

❁❁❁❁

﴿صلاح ذات البين وما يفضي اليه﴾

باہمی جھگڑوں سے بچاؤ اور اس کی تدبیریں

DISPUTES AND HOW TO AVOID THEM:

١- "الا اخبركم بافضل من درجة الصيام والصلاة والصدقة؟ قالوا بلى ، قال صلاح ذات البين و فانّ فساد ذات البين هي العالقة ، لا اقول تحلق الشعر ولكن تحلق الدين"۔ (ابوداؤد ، جمع الفوائد ص٣٦١ ، ج٢)

١۔ حضرت ابوالدرداءؓ "کیا میں تمہیں نفلی روزے، نماز اور صدقہ سے زیادہ افضل چیز نہ بتاؤں؟ صحابہؓ نے عرض کیا، ضرور بتایئے، آپؐ نے فرمایا، باہمی تعلقات کو خوشگوار بنانا (یعنی جھگڑوں کو ختم کرنا) اس لیے کہ باہمی تعلقات کا بگاڑ مونڈنے والی چیز ہے، میرا مطلب یہ نہیں کہ بگاڑ بال مونڈتا ہے، بلکہ یہ دین کو مونڈ دیتا ہے"۔ (ابوداؤد، جمع الفوائد ص٣٦١، ج٣)

1- Hazrat Abu Darda ؓ:

"Shall I not tell of something better than optional fasting, prayers and charity? The Companions said, 'Do tell us.' He ﷺ said, 'Keep mutual relations in good order (i.e., reconcile disputes) because disorder in mutual relations is something that shaves—I am not saying that it shaves the hair--but, it does shave one's Faith off." *(Abu Daud)*

❁❁❁❁

٢- "ليس منّا من لم يرحم صغيرنا و لم يوقّر كبيرنا"۔

(ترمذی ، جمع الفوائد ص٣٦٢ ، ج٢)

٢۔ حضرت انسؓ۔ "وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے، اور بڑوں کا احترام نہ کرے"۔ (ترمذی، جمع الفوائد ص٣٦٢، ج٢)

2- Hazrat Anas ؓ:

"He does not belong to us who is not compassionate towards young ones and respectful towards the elder ones." *(Tirmizi)*

❁❁❁❁

٣- "اذا اتاكم كريم قوم فاكرموه"۔

(طبرانی ، جمع الفوائد ص٣٦٢ ، ج٢)

٣۔ حضرت ابوہریرہؓ "جب تمہارے پاس کسی قوم کا معزز آدمی آئے تو تم بھی اس کا احترام کرو"۔ (البزار، جمع الفوائد ص٣٦٢، ج٢)

3- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"When any respectable man of any nation visits you, give him due respect." *(Al-Bazzar)*

❁❁❁❁

www.pemleotsunna.com

٤ - "اشفعوا توجروا"۔ (ابوداؤد،جمع الفوائد ص٣٥٦، ج٢)

۴۔ حضرت معاویہؓ۔ "مسلمانوں کے لیے (جائز طور پر) سفارش کیا کرو، تمہیں اس کا اجر ملے گا"۔ (ابوداؤد، جمع الفوائد ص ۳۵۶، ج ۲)

4- Hazrat Muaviya ﷺ:

"Recommend people (rightfully), you will get the reward for it." *(Abu Daud)*

❁❁❁❁

٥ - "ان من احبكم الى واقربكم منّى مجلسا يوم القيامة احاسنكم اخلاقا ، وان ابغضكم الّى وابعدكم منى مجلسا يوم القيامة الثرثارون المتشدّقون والمتفيهقون"۔

(ترمذی ، جمع الفوائد ص٣٦٣ ، ج٢)

۵۔ حضرت جابرؓ۔ "تم میں سے جو زیادہ اچھے اخلاق والے ہوں گے، وہ میرے نزدیک زیادہ محبوب ہوں گے، اور قیامت کے دن ان کی نشست (دوسروں کے مقابلے میں) مجھ سے زیادہ قریب ہوگی، اور مجھے سب سے زیادہ ناپسند اور قیامت کے دن مجھ سے زیادہ دور وہ لوگ ہوں گے، جو بہت فضول گو، منہ بھر بھر کر باتیں کرنے والے اور شیخی باز ہوں"۔

(ترمذی، جمع الفوائد ص ۳۶۳، ج ۳)

5- Hazrat Jabir ﷺ:

"The people among you who will be the most loved by me and nearest to me in paradise will be those who are more courteous. And the most disliked and the farthest will be those who chatter, brag and talking." *(Tirmizi)*

❁❁❁❁

٦ - "احترسوا من الناس بسوء الظن"۔

(طبرانی ، جمع الفوائد ص٣٦٥ ، ج٢)

۶۔ حضرت انسؓ۔ "لوگوں کے ساتھ برا گمان کرنے سے بچو"۔

(طبرانی، جمع الفوائد ص ۳۶۵، ج ۲)

6- Hazrat Anas ﷺ:

"Keep yourself away from evil thoughts about others." *(Tibrani)*

❁❁❁❁

٧ - "المجالس بالامانة الّا ثلثة سفك دم حرام ، وفرج حرام واقتطاع مال بغير حق"۔

(ابوداؤد ، جمع الفوائد ص٣٦١ ، ج٢)

۷۔ حضرت جابرؓ۔ "مجالس امانت ہوتی ہیں (یعنی جو بات مجلس میں کی جائے، وہ شرکاء کی منشاء کے بغیر باہر نہیں پھیلانی چاہیے) سوائے تین مجالس کے ایک وہ مجلس جس میں حرام طریقے پر کسی کا خون بہایا جائے (یا اس کا منصوبہ بنایا جائے) دوسرے وہ مجلس جس میں حرام طریقے سے کسی شرمگاہ کو حلال کرنے کی کوشش کی جائے، تیسرے وہ مجلس جس میں ناحق طریقے پر کوئی مال اینٹھا جائے"۔ (ابوداؤد، جمع الفوائد، ص ۳۶۱، ج ۲)

7- Hazrat Jabir ﷺ:

"Gatherings are a trust, (i.e. whatever is discussed therein should not be disclosed without the permission of the participants); except three kinds of meetings: one, in which the blood of someone is spilled in a forbidden manner (or plan is made to

that end); two, that in which immodesty is sought to be made permissible in a forbidden manner; three; that in which property is extorted through illegitimate means." *(Abu Daud)*

❁❁❁❁

٨- "كفى بالمرء كذباً ان يحدّث بكل ما سمع"۔

(مسلم ، نسائی ، جمع الفوائد ص ٣٢٥ ، ج ٢)

٨۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "انسان کے جھوٹا ہونے کے لیے یہ بات کافی ہے کہ ہر سنی سنائی بات کو (بلا تحقیق) بیان کیا کرے"۔ (مسلم، نسائی، جمع الفوائد ص ٣٧٥، ج ٢)

8- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"It is sufficient for a man to be a liar if he mentions every hearsay (first confirming it)." *(Muslim, Nisai)*

❁❁❁❁

٩- "كبرت خيانة ان تحدّث اخاك حديثا هو لك به مصدّق وانت له به كاذب"۔(ابوداؤد ، جمع الفوائد ص ٣٧٥ ، ج ٢)

٩۔ حضرت سفیان بن اسیدؓ۔ "یہ بڑا بھاری گناہ ہے کہ تم اپنے بھائی سے کوئی ایسی بات کہو جس کے بارے میں وہ تمہیں سچا سمجھ رہا ہو اور تم اس کے سامنے جھوٹ بول رہے ہو"۔

(ابوداؤد، جمع الفوائد ص ٣٧٥، ج ٢)

9- Hazrat Sufyan b. Usaid ؓ:

"It is a great sin to tell your brother (a Muslim) something about which he may be thinking that you are telling the truth while you will be lying before him." *(Abu Daud)*

❁❁❁❁

١٠- "ان الشيطان ليتمثل فى صورة الرجل فياتى القوم فيحد ثهم بالحديث من الكذب فيتفرقون ، فيقول الرجل منهم سمعت رجلا اعرف وجهه ولا اعرف اسمه يحدّث كذا وكذا"۔ (مسلم ، جمع الفوائد ص ٣٧٦ ، ج ٢)

١٠۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔ "(بعض مرتبہ) شیطان ایک آدمی کی شکل میں آکر کچھ لوگوں کو کوئی جھوٹی بات سنا دیتا ہے، لوگ منتشر ہو جاتے ہیں اور بعد میں ان میں سے کوئی شخص (دوسروں سے) کہتا ہے کہ میں نے ایک شخص سے ایک بات سنی ہے، اس کا چہرہ تو پہچانتا ہوں مگر نام نہیں جانتا، وہ فلاں فلاں بات کہہ رہا تھا، اس طرح جھوٹی افواہیں پھیل جاتی ہیں اور فساد مچاتی ہیں"۔ (مسلم، جمع الفوائد ص ٣٧٥، ج ٢)

10- Hazrat Abdullah b. Masud ؓ:

"(Sometimes) Satan takes on the shape of a human being and tells some lies to people. They disperse and one of them tells others that he has heard such and such from a person whose face is familiar but not the name. In this way, false rumours spread and cause disorder." *(Muslim)*

❁❁❁❁

١١- "ليس الشديد بالصرعة انما الشديد الذى يملك نفسه عند الغضب"۔ (بخارى ، مسلم ، جمع الفوائد ص ٣٣٤، ج ٢)

١١۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "سخت جان وہ نہیں جو دوسرے کو پچھاڑ دے، سخت جان وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے آپ پر قابو پالے"۔ (بخاری، مسلم، جمع الفوائد ص ٣٨٣، ج ٣)

www.pondicherry.com

11- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"A strong man is not he who defeats another in a fight but he who controls himself in anger." *(Bukhari, Muslim)*

❁❁❁❁

١٢ – "ان الغضب من الشيطان خلق من نار ، وانما يطفئ النار بالماء فاذا غضب احدكم فليتوضأ"۔

(ابوداؤد ، جمع الفوائد ص٣٨٤ ، ج٢)

۱۲۔ حضرت ابووائلؓ۔ "غصہ شیطانی چیز ہے اور شیطان آگ سے پیدا ہوا تھا' آگ کو پانی سے بجھایا جاتا ہے' لہٰذا اگر تم میں سے کسی کو غصہ آئے تو اسے چاہیے کہ وہ وضو کر لے"۔

(ابوداؤد' جمع الفوائد ص ۳۸۴' ج۲)

12- Hazrat Abu Wa'il ؓ:

"Anger is satanic and satan was created of fire. Fire is put out by water. Therefore, when you are angry, perform ablution."

(Abu Daud)

❁❁❁❁

١٣ – "اذا غضب احدكم وهو قائم فليجلس ، فان ذهب عنه الغضب والا فليضطجع"۔

(ابوداؤد ، جمع الفوائد ص٣٨٤ ، ج٢)

۱۳۔ حضرت ابوذرؓ۔ "تم میں سے جب کسی کو غصہ آئے اور وہ کھڑا ہو تو اسے چاہیے کہ بیٹھ جائے' اگر بیٹھنے سے غصہ فرو ہو جائے تو خیر اور نہ اسے چاہیے کہ لیٹ جائے"۔

(ابوداؤد' جمع الفوائد ص ۳۸۴' ج۲)

13- Hazrat Abu Zar ؓ:

"When one of you is angry and he is standing, he should sit down; and if sitting makes his anger go away, that is fine. If not, he should better lie down." *(Abu Daud)*

❁❁❁❁

١٤ – "اتدرون مالغيبة؟ قالوا الله ورسوله اعلم ، قال ذكرك احدكم اخاه بما يكره فقال رجل ارأيت ان كان في اخي ما اقول؟ قال ، ان كان فيه ما تقول فقد اغتبته ، وان لم يكن فيه ما تقول فقد بهته"۔

(ابوداؤد ، ترمذی ، جمع الفوائد ص٣٨٦ ، ج٢)

۱۴۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "جانتے ہو غیبت کیا چیز ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا' اللہ اور رسولؐ ہی زیادہ جانتے ہیں' آپؐ نے فرمایا' غیبت یہ ہے کہ تم میں سے کوئی اپنے بھائی کا اس انداز میں ذکر کرے جسے وہ ناپسند کرتا ہو' ایک شخص نے عرض کیا کہ اگر میرے بھائی میں واقعتاً برائی موجود ہو' تب بھی یہ غیبت ہے؟ آپؐ نے فرمایا' اگر اس میں وہ برائی موجود ہے تب تو تم اس برائی کا ذکر کر کے غیبت کے مرتکب ہو گے اور اگر اس میں وہ عیب موجود نہ ہو تو تم بہتان کا ارتکاب کرو گے"۔ (ابوداؤد' ترمذی' جمع الفوائد ص ۳۹۵' ج۲)

14- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"Do you know what back-biting is?" The Companions ؓ said that Allah and His Messenger ﷺ knew best. He ﷺ said, 'Backbiting is that you speak about your brother in a manner which he dislikes.' Some one asked what if the person does have

www.proofsofsunnah.com

the fault spoken about?' The Prophet ﷺ said, 'If he has the fault, you will be guilty of back-biting; but if he does not have the fault, you will be guilty of slander." *(Abu Daud, Tirmizi)*

❁❁❁❁

١٥- "اياكم والحسد ، فان الحسد ياكل الحسنات كما تاكل النار الحطب"۔ (ابوداؤد ، جمع الفوائد ص٣٩٥، ج٢)

۱۵۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "حسد سے بچو، اس لیے کہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے، جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے"۔ (ابوداؤد، جمع الفوائد ص۳۹۵، ج۲)

15- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"Do not be envious, because envy eats up your virtues as fire consumes wood." *(Abu Daud)*

❁❁❁❁

١٦- "لا يحلّ لمؤمن ان يهجر اخاه فوق ثلث ليال ، يلتقيان فيعرض هذا ، ويعرض هذا ، وخيرهما الذى يبدأ بالسلام"۔ (بخارى مسلم وغيره ، جمع الفوائد ص٣٩٥ ، ج٢)

۱۶۔ حضرت ابوایوبؓ۔ "کسی مومن کے لیے حلال نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ ایسا قطع تعلق کرے کہ دونوں ملیں تو یہ اس سے منہ موڑ جائے اور وہ اس سے منہ موڑ جائے، ان دونوں میں بہتر شخص وہ ہے جو سلام کرنے میں پہل کرے"۔ (بخاری، مسلم وغیرہ، جمع الفوائد ص۳۹۵، ج۲)

16- Hazrat Abu Ayub ﷺ:

"It is not permissible for a believer to discontinue relations with his brother for more than three days in such a manner that when they come across, they turn their faces away from each other. Of the two, the better one is he who is the first to greet the other." *(Bukhari, Muslim etc.)*

❁❁❁❁

١٧- "لا يحلّ لمؤمن ان يهجر مؤمنا فوق ثلاث ، فان مرت به ثلاث فليلقه وليسلم عليه ، فان ردّ عليه فقد اشترك فى الاجر ، وان لم يردّ عليه فقد باء بالاثم"۔ (ابوداؤد ، جمع الفوائد ص٣٩٥ ، ج٢)

۱۷۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "کسی مومن کے لیے یہ حلال نہیں ہے کہ وہ کسی دوسرے مومن کے ساتھ تین دن سے زیادہ قطع تعلق کرے، اگر تین دن گزر جائیں تو ہر ایک کو چاہیے کہ دوسرے سے ملے اور اسے سلام کرے، اگر وہ شخص جواب دیدے تو دونوں ثواب میں شریک ہوں گے اور اگر جواب نہ دے تو وہ گناہ لے کر لوٹے گا"۔ (ابوداؤد، جمع الفوائد ۳۹۶، ج۲)

17- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"It is not permissible for a Muslim to break off relations with another Muslim for more than three days. If three days pass by, the two should greet eachother with a salutation of peace (*salam*). If the salutation is reciprocated, both will be rewarded, but, if it is not reciprocated, the one not responding will be guilty of sin." *(Abu Daud)*

❁❁❁❁

www.peopleofsunnah.com

١٨- "لا تظهر الشماتة لاخيك فيعافيه الله ويبتليك"۔

(ترمذی ، جمع الفوائد ص٣٩٨ ، ج٢)

١٨۔ حضرت واثلہ بن اسقعؓ۔ "اپنے بھائی کی کسی تکلیف پر خوشی کا اظہار مت کرو ایسا نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے تو اس تکلیف سے عافیت دیدے اور تمہیں مبتلا کر دے"۔

(ترمذی، جمع الفوائد ص٣٩٨، ج٢)

18- Hazrat Waasila b. Asqa' ؓ:

"Do not express joy over your brother's pain, lest Allah should relieve him of his pain and put you in it." *(Tirmizi)*

❁❁❁❁

١٩- "من ترك المراء وهو مبطل بنى له بيت فى ربض الجنة ومن تركه وهو محق بنى له فى وسطها ، ومن حسّن خلقه بنى فى اعلاها"۔ (ترمذی ، جمع الفوائد ص٤٠٥ ، ج٢)

١٩۔ "جو شخص باطل پر ہوتے ہوئے جھگڑا چھوڑ دے اس کے لیے جنت کے کناروں پر ایک گھر تعمیر کیا جائے گا اور جو شخص حق پر ہوتے ہوئے جھگڑا چھوڑ دے اس کے لیے جنت کے بیچ میں مکان تعمیر کیا جائے گا اور جو اپنے آپ کو خوش اخلاق بنالے اس کے لیے جنت کے اعلیٰ حصے میں مکان تعمیر کیا جائے گا"۔ (ترمذی، جمع الفوائد، ص٤٠٥، ج٢)

19- "He, who being in the wrong, withdraws himself from the dispute, shall have a house for himself near the border of Paradise. And he, who being in the right, leaves a quarrel, will have a house in the middle of paradise. And he, who makes

himself courteous shall have a house in the upper part of paradise." *(Tirmizi)*

❁❁❁❁

٢٠- "ان ابغض الرجال الى الله الالد الخصم"۔

(الشیخان ، جمع الفوائد ص٤٠٥ ، ج٢)

٢٠۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔ "اللہ کے نزدیک مبغوض ترین شخص وہ ہے جو سخت جھگڑالو ہو"۔ (بخاری، مسلم، جمع الفوائد ص٤٠٥، ج٢)

20- Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا:

"The most hated of men in the sight of Allah is he who is the most belligerent." *(Bukhari, Muslim)*

❁❁❁❁

٢١- "انّ الرفق لا يكون فى شئ الّا زانه ولا ينزع من شئ الّا شانه"۔ (مسلم ، ابوداؤد ، جمع الفوائد ص٣٦٨ ، ج٢)

٢١۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔ "نرمی جس چیز میں بھی ہوگی اسے زینت بخشے گی اور جس چیز سے بھی دور کر دی جائے گی اس میں عیب پیدا کر دے گی"۔

(مسلم، ابوداؤد، جمع الفوائد ص٣٦٨، ج٢)

21- Hazrat Ayesha رضی اللہ عنہا:

"In whatever thing there is tenderness, it will make it look nice, and if it is removed from a thing, it will create a defect in it." *(Muslim, Abu Daud)*

❁❁❁❁

www.noorfoundation.com

﴿خدمة المجتمع﴾

سماجی خدمات

SOCIAL SERVICE:

١- "الدين النصيحة ، قلنا لمن يا رسول الله؟ قال لله ولكتابه ولرسوله ولائمة المسلمين وعامتهم"۔

(مسلم وغيره ، جمع الفوائد ص ٢٧١ ، ج ٢)

١۔ حضرت تمیم الداریؓ۔ "بلاشبہ دین خیر خواہی کا نام ہے' راوی کہتے ہیں ہم نے پوچھا' کس کے لیے' آپؐ نے فرمایا' اللہ کے لیے' اس کی کتاب کے لیے اس کے رسول کے لیے' مسلمانوں کے حکام اور عوام کے لیے"۔ (مسلم' ابوداؤد وغیرہ' جمع الفوائد ص ٢٧١' ج ٢)

1- Hazrat Tameem Dari ﷺ:

"*Deen* (religion) is wishing well. The reporter asked, 'For whom?' The Prophet ﷺ answered, "For Allah, for His Book, for His Messenger, for the rulers of Muslims and their masses of people." *(Muslim, Abu Daud)*

❁❁❁❁

٢- "من راى منكم منكرا فليغيّره بيده ، فان لم يستطع فبلسانه وان لم يستطع فبقلبه وذلك اضعف الايمان"۔

(مسلم وغيره ، جمع الفوائد ص ٣٧٠ ، ج ٢)

٢۔ حضرت ابوسعید خدریؓ۔ "تم میں سے جو شخص کسی کو برائی کا ارتکاب کرتے ہوئے دیکھے تو اسے چاہیے کہ اس برائی کو اپنے ہاتھ سے روک دے اور اگر اس کی استطاعت نہ ہو تو زبان سے اس کی برائی بیان کر کے اسے روکے اور اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو تو (کم از کم) اسے دل ہی سے برا سمجھے' اور یہ ایمان کا ضعیف ترین درجہ ہے"۔

(مسلم وغیرہ' جمع الفوائد ص ٢٧٠' ج ٢)

2- Hazrat Abu Saeed al-Khudri ﷺ:

"When any one of you sees somebody doing wrong, he should prevent it with his hand, and, if he is unable to do so, he should stop it by word of mouth, and if one cannot do even that, he should, at least, take it to be wrong in his heart. And this is the weakest degree of faith." *(Muslim etc.)*

❁❁❁❁

٣- "ان الناس اذا رأو الظالم فلم ياخذوا على يديه اوشك ان يعمّهم الله بعقاب"۔

(ابوداؤد ، ترمذی ، جمع ص ٣٦٩ ، ج ٢)

٣۔ حضرت ابوبکرؓ۔ "جب لوگ ظالم کو (ظلم کرتے) دیکھیں اور اس کا ہاتھ نہ پکڑیں تو بعید نہیں کہ اللہ تعالیٰ ان سب پر عام عذاب نازل کر دے"۔

(ابوداؤد' ترمذی' جمع الفوائد ص ٣٦٩' ج ٢)

3- Hazrat Abu Bakr ﷺ:

"When people see a tyrant (committing tyranny) but do not stop him, it is quite possible that Allah may bring down punishment on everyone." *(Abu Daud, Tirmizi)*

❁❁❁❁

www.pklegislation.com

٤- "ان من اعظم الجهاد كلمة عدل عند سلطان جائر"۔

(ابوداؤد ، جمع الفوائد ص٣٦٩ ، ج٢)

۴۔ حضرت ابو سعیدؓ۔ "یہ بھی عظیم ترین جہاد ہے کہ ظالم صاحب اقتدار کے سامنے کلمۂ انصاف کہا جائے"۔ (ابوداؤد، ترمذی، جمع الفوائد ص۳۶۹، ج۲)

4- Hazrat Abu Saeed ؓ:

"A word of justice said before an oppressive ruler is also the greatest of jihad." *(Abu Daud, Tirmizi)*

❁❁❁❁

٥- "المستشار مؤتمن"۔ (ترمذی، جمع ص ٣٧٢ ، ج٢)

۵۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا۔ "جس سے مشورہ طلب کیا جائے وہ امانت دار ہے۔ (یعنی اگر وہ کوئی ایسا مشورہ دے، جسے دل میں صحیح نہ سمجھتا ہو تو اسے خیانت کا گناہ ہوگا)"۔

(ترمذی، جمع الفوائد ص ۳۸۲، ج۲)

5- Hazrat Umm e Salma رضی اللہ عنہا:

"The person from whom counsel is sought is a trustee. (That is, if he gives any counsel which he believes to be incorrect, he will be guilty of the sin of breach of trust.)" *(Tirmizi)*

❁❁❁❁

٦- "الايمان بضع وسبعون شعبة فافضلها قول لا اله الّا الله وادناها اماطة الاذى عن الطريق والحياء شعبة من الايمان"۔

(شیخان ، مشکوۃ ص١٢)

٦۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "ایمان کے ستر سے کچھ اوپر شعبے ہیں، ان میں افضل ترین شعبہ لاالہ الا اللہ کہنا ہے اور ادنیٰ ترین شعبہ راستے سے گندگی دور کرنا ہے اور حیاء بھی ایمان کا ایک شعبہ ہے"۔ (بخاری و مسلم، مشکوٰۃ ص ۱۲، ج۱)

6- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"There are over seventy branches of faith, of which the greatest is to say, 'There is no god but Allah', and the most paltry is to remove filth from the path. And modesty is also a part of faith."

(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 12, Vol. 1)

❁❁❁❁

٧- "اياكم والجلوس فى الطرقات ، فاذا ابيتم فاعطوا الطريق حقّه ، فقالوا وما حق الطريق يا رسول الله؟ قال غضّ البصر ، وكفّ الاذى ، وردّالسّلام ، والامر بالمعروف، والنهى عن المنكر (وفى رواية) وتغيثوا الملهوف وتهدوا الضالّ"۔

(بخاری، مسلم ، ابوداؤد ، جمع الفوائد ص ٣٥٢ ، ج٢)

۷۔ حضرت ابو سعیدؓ۔ "راستوں میں بیٹھنے سے بچو، اور اگر بیٹھنا ناگزیر ہی ہو، تو راستے کو اس کا حق ادا کرو۔ صحابہ رضی اللہ عنہانے پوچھا کہ یا رسول اللہؐ! راستے کا حق کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا، نگاہیں نیچی رکھنا، گندگی دور کرنا (۱)، سلام کا جواب دینا، نیکی کا حکم دینا، اور برائی سے روکنا

---

(۱) حدیث میں یہاں "کف الاذی" کا لفظ ہے جس کے دو ترجمے ہو سکتے ہیں گندگی کو دور کرنا، اور لوگوں کو تکلیف سے بچانا۔ مترجم

(ایک روایت میں اس کے ساتھ یہ الفاظ بھی ہیں) اور ستم رسیدہ انسانوں کی مدد کرو' اور جو راستہ بھول گیا ہو' اسے راستہ بتاؤ" (بخاری' مسلم' ابوداؤد' جمع الفوائد ص ۳۵۲' ج ۲)

7- Hazrat Abu Saeed ؓ:

"Do not sit in the middle of the pathway, but if this is inevitable then, observe the rights of way. The Companions ؓ asked, 'What is the right of way'. The Prophet ﷺ said, 'To lower the gaze to remove filth (or, to avoid causing pain to others), reciprocate a salutation (*salam*), enjoin good deeds and forbid the evil'. (Another tradition adds the words:) Help the oppressed ones and show the path to those who may have gone astray."

(Bukhari, Muslim, Abu Daud)

❁❁❁❁

٨- "من يسّر على معسر يسّر الله عليه فى الدنيا والآخرة ' ومن ستر مسلمًا ستره الله فى الدنيا والاخرة ' والله فى عون العبد ما كان العبدفى عون اخيه"۔

(مسلم وغيره ' جمع ص ٣٥٧ ' ج٢)

۸۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "جو شخص کسی مشکل میں پھنسے ہوئے آدمی کے لیے آسانی پیدا کر دے' اللہ تعالیٰ اس کے لیے دنیا و آخرت میں آسانی پیدا کر دے گا' اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے' اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں پردہ پوشی کر دے گا' اور جب تک کوئی بندہ اپنے بھائی کی مدد کرنے میں لگا رہتا ہے' اللہ تعالیٰ اس کی مدد میں لگا رہتا ہے"۔

(مسلم وغیرہ' جمع الفوائد ص ۳۵۷' ج ۲)

8- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"He who makes things easy for one who is in difficulties, Allah will make things easy for him in the Hereafter. And whoso conceals a Muslim's faults, Allah will conceal his faults in this world and in the Hereafter. And as long as one engages himself in helping his brother, Allah engages Himself in helping him."

(Muslim etc.)

❁❁❁❁

٩- "انّ لله خلقا خلقهم لحوائج الناس ' يفزع الناس اليهم فى حوائجهم اولئك الآمنون من عذاب الله"۔

(للكبير بين ' جمع ص ٣٥٧ ' ج٢)

۹۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "اللہ کی کچھ مخلوق ایسی ہے کہ اللہ نے اسے لوگوں کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے پیدا کیا ہے' لوگوں کو جب کوئی حاجت پیش آتی ہے تو گھبرا کر انہی کے پاس جاتے ہیں' ایسے لوگ اللہ کے عذاب سے محفوظ ہیں"۔

(طبرانی' جمع الفوائد ۳۵۷' ج ۲)

9- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:

"Among Allah's creation, there are some who have been created to satisfy the needs of others. When needs arise, people rush to them. Such people are safe from Allah's punishment." *(Tibrani)*

❁❁❁❁

www.peopleofsunnah.com

﴿السياسة﴾

ریاست

POLITICS:

١ - "اذا كانت امراؤكم خياركم واغنياؤكم سمحاؤكم وامورکم شوری بینکم فظهر الارض خیرلکم من بطنها وان كانت امراؤكم شرارکم واغنیاؤکم بخلاءکم وامورکم الی نساءکم فبطن الارض خیرلکم من ظهرها"۔

(ترمذی ، جمع الفوائد ص ٨٢٩ ، ج١)

١۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ "جب تمہارے حکام تم میں کے بہترین لوگ ہوں' تمہارے دولت مند لوگ فیاض ہوں' اور تمہارے (اجتماعی) امور باہمی مشورے سے طے پاتے ہوں تو تمہارے لیے زمین کی پشت اس کے پیٹ سے بہتر ہے اور جب تمہارے حکام تم میں کے بد ترین لوگ ہوں' تمہارے دولت مند افراد کنجوس ہوں' اور تمہارے معاملات عورتوں کے سپرد ہو جائیں تو زمین کا پیٹ تمہارے کے لیے اس کی پشت سے بہتر ہے"۔

(ترمذی' جمع الفوائد ص ٨٢٩' ج١)

1- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"When your rulers are from among the best of you, your rich are generous and your social matters are settled by mutual consultation, then the earth's back is better for you than its belly; but if your rulers are from among the worst of you, your rich are miserly and your affairs in the hands of women, then the earth's belly is better for you than its back." *(Tirmizi)*

❁❁❁❁❁

٢ - "لقد همت اواردت ان ارسل الی ابی بکر وابنه فاعهد ان یقول القائلون اویتمنی المتمنّون ثم قلت یأبی الله ویدفع المؤمنون اویدفع الله ویأبی المؤمنون"۔

(بخاری ، جمع الفوائد ص ٨٣٨ ، ج١)

٢۔ حضرت قاسم بن محمدؒ۔ "میرا ارادہ ہوا تھا کہ میں ابو بکرؓ اور ان کے بیٹے کے پاس پیغام بھیج کر ان کی خلافت کی وصیت کر دوں' تاکہ بعد میں کہنے والے کچھ نہ کہہ سکیں' اور آرزو کرنے والے کچھ آرزو نہ کر سکیں' لیکن پھر میں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ بھی (ابو بکرؓ کے سوا کسی اور کو خلیفہ بنانے سے) انکار کر دے گا' اور مسلمان بھی کسی اور کو خلیفہ نہ بننے دیں گے' اس لیے میں نے ایسی وصیت کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی"۔ (بخاری' جمع الفوائد ص ٨٣٨' ج١)

2- Hazrat Qasim b. Muhammad ﷺ:

"I intended to send a message to Abu Bakr ﷺ and his son, declaring his caliphate so that later on, one may have nothing to say, and desirous ones have nothing to desire. But then I thought that Allah Himself will refuse (to appoint anyone except Abu Bakr ﷺ as caliph) and the Muslims too will not permit anyone else to be the caliph, so I felt that there was no need to send such a message." *(Bukhari)*

❁❁❁❁❁

٣ - "خیار ائمتکم الذین تحبّونهم ویحبّونکم وتصلّون علیهم ویصلّون علیکم وشرار ائمتکم الذین تبغضونهم ویبغضونکم وتلعنونهم ویلعنونکم"۔

(مسلم ، جمع الفوائد ص ٨٤٥ ، ج١)

۳۔ حضرت عوف بن مالکؓ۔ "تمہارے بہترین حکام وہ ہیں جن سے تم محبت کرتے ہو' اور وہ تم سے محبت کریں' تم انہیں دعائیں دو' وہ تمہیں دعائیں دیں' تمہارے بدترین حکام وہ ہیں جن سے تم نفرت کرو اور وہ تم سے نفرت کریں' تم ان پر لعنت بھیجو' اور وہ تم پر لعنت بھیجیں"۔ (مسلم' جمع الفوائد ص ۸۳۱' ج ۱)

3- Hazrat Aouf b. Maalik ﷺ:

"Your best rulers are those whom you love and who love you; you pray for them and they pray for you. Your worst rulers are those whom you detest and who abhor you; you curse them and they curse you." *(Muslim)*

❁❁❁❁

٤- "لا تسأل الامارة فانك ان اوتيتها عن مسالة وكلت اليها و ان اعطيتها من غير مسالة اعنت عليها"۔

(المستّة الّا مالكاً جمع الفوائد ص ۸۳۱ ' ج ۱)

۴۔ حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہؓ۔ "حکومت و امارت خود طلب نہ کرو' اس لیے کہ اگر وہ تمہیں طلب کرنے پر ملی تو اسے تمہاری ذمہ داری پر چھوڑ دیا جائے گا' اور اگر وہ تمہیں طلب کیے بغیر ملی تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے (اس کی ذمہ داریوں کی انجام دہی میں) تمہاری مدد کی جائے گی"۔ (بخاری و مسلم وغیرہ' جمع الفوائد ص ۸۳۱' ج ۱)

4- Hazrat Abdul Rehman b. Sumrah ﷺ:

"Do not ask for power (to rule), because if you get it by asking, it will be left to your responsibility, and if it is given without asking, you will be helped there in (by Allah to fulfill your responsibilities). *(Bukhari, Muslim etc.)*

❁❁❁❁

٥- "انكم ستحرصون على الامارة وستكون فدامة يوم القيامة فنعمت المرضعة وبئست الفاطمة"۔

(بخاری ' نسائی ' جمع الفوائد ص ۸۳۱ ' ج ۱)

۵۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "تم امارت و حکومت کی حرص کرنے لگو گے' حالانکہ قیامت کے دن یہ ندامت (کا سامان) بن کر سامنے آئے گی' اس لیے کہ یہ دودھ پلانے والی تو بہت اچھی ہے' لیکن دودھ چھڑانے والی بہت بری ہے"۔ (بخاری' نسائی' جمع الفوائد ص ۸۳۱' ج ۱)

5- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"You will desire rulership, though, in the Hereafter, it will be a source of disgrace, because the wet-nurse is good but the weaner is bad." *(Bukhari, Nisai)*

❁❁❁❁

٦- "انا والله لا نولّى هذا العمل احد اساله اوحرص عليه"۔

(ایضاً ' جمع ص ۸۳۱ ' ج ۱)

۶۔ حضرت ابو موسیٰؓ۔ "خدا کی قسم! ہم یہ (حکومت کا) کام کسی ایسے شخص کے سپرد نہیں کرتے جو خود اسے طلب کرے یا اس کا حریص ہو"۔ (بخاری' مسلم' جمع الفوائد ص ۸۳۱' ج ۱)

6- Hazrat Abu Musa ﷺ:

"By Allah! We do not hand over this job (government) to any one who asks for it or covets it." *(Bukhari, Muslim)*

❁❁❁❁

www.pdfofsufism.com

٧- "من ولّاه الله شيأ من امور المسلمين فا حتجب دون حاجتهم ودخلّتهم وفقرهم احتجب الله دون حاجته وخلّته وفقره يوم القيامة"۔

(ابوداؤد ، ترمذی ، جمع الفوائد ص٨٢٩ ، ج١)

٧۔ حضرت ابو مریم ازدیؓ۔ "جس شخص کو اللہ نے مسلمانوں کے کسی معاملہ کی ذمہ داری سونپی ہو، پھر وہ مسلمانوں کی ضروریات اور ان کے فقر و احتیاج کو نظر انداز کر کے ان سے چھپ کر بیٹھا ہو، تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی ضروریات اور فقر و احتیاج کو نظر انداز کر کے اس سے روپوش ہو جائے گا"۔ (ابوداؤد، ترمذی، جمع الفوائد ص٨٢٩، ج١)

7- Hazrat Abu Maryam Azdi ﷺ:

"If any one who has been given responsibility regarding any matter concerning Muslims, and he ignores the needs of the Muslims neglecting their distress and withdraws himself, Allah in the Hereafter will ignore his needs and distress and withdraw from him." *(Abu Daud, Tirmizi)*

❁❁❁❁

٨- "ان المقسطين عند الله على منابر من نور عن يمين الرحمن وكلتا يديه يمين الذين يعدلون فى حكمهم واهليهم وما ولوا"۔ (مسلم ، نسائی ، جمع ص٨٢٩ ، ج١)

٨۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "بلاشبہ انصاف کرنے والے رحمان کے داہنے ہاتھ، اور اللہ کے دونوں ہاتھ داہنے ہیں، نور کے منبروں پر ہوں گے، یہ لوگ وہ ہیں کہ جب تک حکومت سنبھالے رہیں، اپنے فیصلوں میں یہاں تک کہ اپنے گھر والوں کے معاملہ میں بھی انصاف سے کام لیں"۔ (مسلم، نسائی، جمع الفوائد ص٨٢٩، ج١)

8- Hazrat Abdullah b. Omar ﷺ:

"Verily those who do justice will be seated on the illuminated pulpits on the right Hand of Allah, and both the Hands of Allah are right. These are the people who do justice as long as they hold government even in matters concerning their own household." *(Muslim, Nisai)*

❁❁❁❁

٩- "ما من عبد يسترعيه الله رعية يموت يوم يموت وهو غاش لرعيّته الّا حرم الله عليه الجنة"۔

(بخارى ، مسلم ، جمع الفوائد ص٨٣٠ ، ج١)

٩۔ حضرت معقل بن یسارؓ۔ "جس بندے کو بھی اللہ تعالیٰ کچھ رعایا کی نگرانی سپرد کرے اور وہ اپنی رعایا سے کھوٹ کا معاملہ کرتے ہوئے مر جائے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص پر جنت حرام فرما دے گا"۔ (بخاری، مسلم، جمع الفوائد ص٨٣٠، ج١)

9- Hazrat Ma'qal b. Yusaar ﷺ:

"Allah will forbid Paradise to the one whom Allah gives supervision of the people and he dies neglecting his obligations." *(Bukhari, Muslim)*

❁❁❁❁

١٠- "احبّ الناس الى الله يوم القيامة وادناهم منه مجلسًا امام عادل ، وابغض الناس الى الله والجدهم منه مجلسا امام جائر"۔ (ترمذى ، جمع ص٨٣٠ ، ج١)

www.peopleofsunnah.com

۱۰۔ حضرت ابو سعیدؓ۔ "قیامت کے دن اللہ کو سب سے زیادہ محبوب اور نشست کے اعتبار سے اس سے سب سے زیادہ قریب ایسا سربراہ حکومت ہوگا جو عادل ہو' اور اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ مبغوض اور نشست کے اعتبار سے اس سے سب سے زیادہ دور وہ سربراہ ہوگا جو ظالم ہو"۔ (ترمذی' جمع الفوائد ص ۸۳۰' ج ۱)

10- Hazrat Abu Saeed ﷺ:

"On the Last Day, the most loved by Allah and seated nearest to Him will be that head of state who had been just; and the most hated and seated farthest will be the state head who had been oppressive." *(Tirmizi)*

❁❁❁❁

۱۱- "مامن امیر عشرة الّا یؤتی به مغلولا یوم القیامة حتی یفکّه العدل اویوبقه الجور"۔

(البزار والاوسط ' جمع الفوائد ص ۸۳۳ ' ج ۱)

۱۱۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ۔ "جو شخص بھی دس آدمیوں کے معاملات کا نگران بنا ہو' اسے قیامت کے دن اس حالت میں لایا جائے گا کہ اس کے ہاتھ اس کی گردن کے طوق کے ساتھ بندھے ہوں گے' یہاں تک کہ یا تو اسے انصاف آزاد کر دے گا' یا ظلم ہلاک کر ڈالے گا"۔

(بزار' طبرانی' جمع الفوائد ص ۸۳۳' ج ۱)

11- Hazrat Abdullah b. Abbas ﷺ:

"Whoso was appointed to look after the affairs of ten people, will be brought forth hands shackled to the neck on the Last Day. Then either his justice will free him or his tyranny destroy him." *(Bazzar, Tibrani)*

❁❁❁❁

۱۲- "لن یفلح قوم ولّوا امرهم امرأة"۔

(ترمذی ' نسائی ' جمع الفوائد ص ۸۲۹ ' ج ۱)

۱۲۔ حضرت ابو بکرؓ۔ "وہ قوم ہرگز فلاح نہیں پائے گی جس نے اپنی حکومت کسی عورت کے سپرد کر دی ہو"۔ (ترمذی' نسائی' جمع الفوائد ص ۸۲۹' ج ۱)

12- Hazrat Abu Bakr ﷺ:

"That nation will never prosper which hands over its government to a woman." *(Tirmizi, Nisai)*

❁❁❁❁

۱۳- "اسمعوا انه سیکون من بعدی امراء فمن دخل علیهم فصدّقهم بکذبهم واعانهم علی ظلمهم فلیس منی ولست منه ولیس بوارد علی الحوض ومن دخل علیهم ولم یعنهم علی ظلمهم ولم یصدّقهم بکذبهم فهو منی وانا منه وهو وارد علی الحوض"۔ (ترمذی ' جمع ص ۸۳۱ ' ج ۱)

۱۳۔ حضرت کعب بن عجرہؓ۔ "سنو! میرے بعد بہت سے حکام آئیں گے تو جو شخص ان کے پاس جا کر ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے اور ان کے ظلم پر ان کی اعانت کرے' تو اس کا مجھ سے تعلق نہیں' اور میرا اس سے کوئی تعلق نہیں' اور وہ حوض کوثر پر نہیں پہنچ سکے گا' اور جو شخص ظلم پر ان کی اعانت نہ کرے' ان کے جھوٹ کی تصدیق نہ کرے' تو وہ میرا ہے اور میں اس کا ہوں' اور وہ حوض کوثر پر بھی پانی پینے کے لیے پہنچے گا"۔

(ترمذی' نسائی' جمع الفوائد ص ۸۳۱' ج ۱)

www.peopleofsunnah.com

13- Hazrat Ka'b b. Ajrah ؓ:

"Listen! After me there will come many rulers, so whoever goes to them and confirms their falsehood and helps them in their tyranny has nothing to do with me and I have nothing to do with them; and he will never reach *Houz-e-Kausar* (the pool of abundance). But he who does not help them in their tyranny, does not confirm their falsehood, is mine and I am his; and he will reach *Houz-e-Kausar* (the pool of abundance) to drink its water."

(Tirmizi, Nisai)

❁❁❁❁

١٤- "اسمعوا واطيعوا وان استعمل عليكم عبد حبشى كان راسه زبيبة ما اقام فيكم كتاب الله"۔

(بخاری ' جمع الفوائد ص ٨٤٥ ' ج ١)

۱۴۔ حضرت انسؓ۔ "اپنے حکام کی بات سنو اور مانو' اگرچہ تم پر کسی ایسے حبشی غلام کو بھی حاکم بنادیا گیا ہو جس کا سر کشمش کی طرح ہو' جب تک وہ اللہ کی کتاب کو قائم کرے (اس کی بات ماننا واجب ہے)"۔ (بخاری' جمع الفوائد ص ۸۴۵' ج ۱)

14- Hazrat Anas ؓ:

"Listen and obey your rulers notwithstanding the fact that a Negro slave, with a head like dried grape is appointed as your ruler, provided he has established (the commands of) the Book of Allah (for obey him is obligatory)."

(Bukhari)

❁❁❁❁

١٥- "من اطاعنى فقد اطاع الله ومن عصانى فقد عصى الله ومن يطع الأمير فقد اطاعنى ومن يعص الامير فقد

عصانى ' وانما الأمام جنة يقاتل من ورائه ويتقى به فان امر بتقوى الله وعدل فان له بذلك اجرًا وان قال بغيره كان عليه منه ورز"۔ (الشیخان ' جمع ص ٨٤٥ ' ج ١)

۱۵۔ حضرت ابو ہریرہؓ "جس نے میری اطاعت کی' اس نے اللہ کی اطاعت کی' اور جس نے میری نافرمانی کی' اس نے اللہ کی نافرمانی کی' اور جو شخص امیر کی اطاعت کرے' اس نے میری اطاعت کی اور جو شخص امیر کی نافرمانی کرے' اس نے میری نافرمانی کی' سربراہ حکومت تو ایک ڈھال ہے جس کے پیچھے سے جنگ کی جاتی ہے اور اسی کے ذریعہ اپنا بچاؤ کیا جاتا ہے' لہٰذا اگر وہ اللہ سے ڈرنے کا حکم دے اور عدل وانصاف سے کام لے تو اسے اس کے بدلے ثواب ملے گا اور اگر اس نے اس کے سوا کوئی بات کہی تو اللہ کی طرف سے اس کو گناہ ہو گا"۔

(بخاری' مسلم' نسائی' جمع الفوائد ص ۸۴۵' ج ۱)

15- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"He who obeys me, obeys Allah; and he who disobeys me, disobeys Allah; and he who obeys the ruler, obeys me, and he who disobeys the ruler, disobeys me. Government is like a shield from behind which battles are fought and one's own self is protected. Therefore, if he orders that Allah be feared and he rules with justice, he will get the reward for it, but if he does anything contrary, he will be committing a sin."

(Bukhari, Muslim, Nisai)

❁❁❁❁

١٦- "على المرء المسلم السّمع والطاعة فيما احب او كره الّا ان يومر بمعصية فلا سمع ولا طاعة"۔

(للستة الّا مالكًا ' جمع ص ٨٤٥ ' ج ١)

۱۶۔ حضرت ابن عمرؓ۔ "مسلمان پر واجب ہے کہ (اپنے امیر کی) بات سن کر اس کی اطاعت کرے خواہ حکم اسے پسند ہو یا ناپسند ہو' الّا یہ کہ اسے کسی گناہ کی بات کا حکم دیا جائے' تو اس صورت میں سننا' ماننا جائز نہیں"۔ (صحاح ستہ' جمع الفوائد ص ۸۴۵' ج ۱)

16- Hazrat Abdullah b. Omar ؓ:
"It is obligatory upon a Muslim to listen to and obey (his ruler), Whether or not he likes it, except that, if he is ordered to do what is sinful, it is not permissible to listen and to obey."
(Sahah e Sitta)

❀❀❀❀

۱۷- "من اتاکم وامرکم جمیع علی رجل ید واحد یرید ان یشق عصاکم او یفرّق جماعتکم فاقتلوه"۔

(مسلم ' جمع ص ۸۲۸ ' ج ۱)

۱۷۔ حضرت عرفجہ بن شریحؓ۔ "جب کسی ایک حاکم پر تمہارا اتفاق ہو اور کوئی شخص آ کر تمہاری قوت کو منتشر کرنا یا تمہاری جماعت میں تفرقہ ڈالنا چاہے تو اسے قتل کر ڈالو"۔

(مسلم' جمع الفوائد ص ۸۲۸' ج ۲)

17- Hazrat Urfijah b. Shuraih ؓ:
"If you are agreed on a single ruler and someone tries to dismantle your strength or to cause disunity among you, kill him."
(Muslim)

❀❀❀❀

۱۸- "من اراد ان یفرق امر هذه الامة وهی جمیع فاضربوه بالسیف کائنا من کان"۔

(ابوداؤد ' مسلم ' جمع الفوائد ص ۸۲۸ ' ج ۱)

۱۸۔ حضرت عرفجہ بن شریحؓ۔ "جو شخص اس امت میں تفرقہ ڈالنے کی کوشش کرے جبکہ وہ متفق اور متحد ہو تو اسے تلوار سے مار ڈالو' خواہ وہ کوئی بھی ہو"۔

(مسلم و ابوداؤد' نسائی' جمع الفوائد ص ۸۲۸ ج ۱)

18- Hazrat Urfijah b. Shuraih ؓ:
"Whoso tries to disunite this Ummah while it is united, slay him with a sword, whosoever he may be." *(Muslim, Abu Daud)*

❀❀❀❀

۱۹- "من خرج من الطاعة وفارق الجماعة فمات مات میتة جاهلیة ومن قاتل تحت رایة عمیة یغضب لعصبة اویدعوالی عصبة اوینصر عصبة فقتل فقتلته جاهلیة ومن خرج علی امتی یضرب برّها وفاجرها لا یتحاشی من مؤمنها ولا یفی بعهد ذی عهدها فلیس منی ولست منه"۔

(مسلم ' نسائی ' جمع الفوائد ص ۸۴۶ ' ج ۱)

۱۹۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "جو شخص (اسلامی حکومت کی) اطاعت سے نکل کر جماعت مسلمین سے جدا ہو گیا تو وہ جاہلیت کی موت مرا' اور جو شخص کسی اندھیری نگری کے جھنڈے کے تحت لڑا ہو' اس طرح کہ وہ عصبیت کی وجہ سے غصہ میں ہو یا عصبیت کی دعوت دے رہا ہو یا عصبیت کی مدد کر رہا ہو اور اس میں قتل ہو جائے تو اس کی موت بھی جاہلیت کی موت ہے' اور جو شخص میری امت کے خلاف لڑنے نکلا ہو اور اس کے نیک و بد انسانوں کو مارتا ہو' نہ امت کے کسی مومن فرد (کے قتل) سے بچتا ہو' اور نہ اس کے کسی زیر عہد کے عہد کو پورا کرتا ہو تو وہ مجھ سے نہیں اور میں اس سے نہیں"۔ (مسلم' نسائی' جمع الفوائد ص ۸۴۶' ج ۲)

www.proofofsunnah.com

19- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"Whoso isolates himself from the Muslim Ummah disobeying (an Islamic State), will die a death of ignorance. And he who fights under the flag of a dark regime, whether for reason of anger or prejudice, or assisting or inviting prejudice, and he dies as such, his death, too is the death of ignorance. And whoso comes out to fight against any *ummah* and slays the good and the bad ones of it, nor hesitates (to slaughter) a believer; nor fulfills any of its pledged covenants, he is not of me and I am not of him." (Muslim, Nisai)

❁❁❁❁

﴿المواعظ والحكم العامة﴾

عام نصیحتیں اور حکمتیں

GENERAL COUNSELS:

١ - "نعمتان مغبون فيهما كثير من الناس الصحّة والفراغ"۔ (بخاری ، مشکوۃ ص٤٣٩)

١۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ۔ "دو نعمتیں ایسی ہیں جن کے بارے میں بہت سے لوگ دھوکے میں پڑے ہوئے ہیں (یعنی یوں سمجھتے ہیں کہ یہ نعمتیں ہمیشہ انہیں حاصل رہیں گی اس لیے ان کی قدر نہیں کرتے) ایک صحت اور ایک فراغت"۔

(بخاری، مشکوۃ المصابیح ص٤٣٩)

1- Hazrat Abdullah b. Abbas ؓ:

"There are two blessings about which many people are in deception, (i.e., they think that they will retain them for ever and therefore, do not give due regard to them). One is health and the other, leisure." *(Bukhari, Mishkaat ul Masabih, P. 439)*

❁❁❁❁

٢ - "والله ماالدنيا فى الاخرة الّا مثل ما يجعل احدكم اصبعه فى اليمّ فلينظر بم يرجع"۔ (مسلم ، مشكوة ص٤٣٩)

٢۔ حضرت مستورد بن شدادؓ۔ "خدا کی قسم! آخرت کے مقابلہ میں دنیا کی مثال بس ایسی ہے جیسے تم میں سے کوئی اپنی انگلی سمندر میں ڈال کر اسے دیکھے کہ وہ کتنا (پانی) اپنے ساتھ لے کر لوٹی ہے"۔ (مسلم، مشکوۃ ص٤٣٩)

2- Hazrat Mustward b. Shaddad ؓ:

"By Allah! The similitude of this world compared with the Hereafter is just like one of you dipping his finger in the ocean and then looking at it to see how much (water) it has brought out with it." *(Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 439)*

❁❁❁❁

٣ - "الدنيا سجن المؤمن وجنة الكافر"۔

(مسلم مشكوة ص٤٤٠)

٣۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "دنیا مومن کے لیے قید خانہ ہے اور کافر کے لیے جنت"۔

(مسلم، مشکوۃ ص٤٣٩)

3- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"This world is a dungeon for a believer and Paradise for an unbeliever." *(Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 439)*

❁❁❁❁

٤ - "فوالله لا الفقر اخشى عليكم ولكن اخشى عليكم ان تبسط عليكم الدنيا كما بسطت على من كان قبلكم فتنافسوها كما تنافسوها وتهلككم كما اهلكتهم"۔

(بخاری ، مسلم ، مشکوۃ ص٤٤٠)

۴۔ حضرت عمرو بن عوفؓ۔ "اللہ کی قسم! مجھے تم پر فقر وفاقہ سے خوف نہیں' لیکن مجھے اندیشہ ہے کہ تم پر دنیوی ساز و سامان کی ایسی ہی فراخی کر دی جائے' جیسے تم سے پہلے لوگوں پر کی گئی تھی' پھر تم اس میں ایسی ہی حرص کا مظاہرہ کرو' جیسے پہلے لوگوں نے کیا تھا' اور وہ تمہیں ایسے ہی ہلاک کر ڈالے جیسے ان کو ہلاک کیا تھا"۔ (بخاری و مسلم' مشکوٰۃ ص ۴۴۰)

4- Hazrat Amr b. Aouf ﷺ:

"By Allah! I do not fear starvation and poverty for you, but that abundance of worldly things may be heaped on you as they were heaped on former peoples, and then you may become covetous like them, and these may destroy you as they destroyed them."

(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 440)

❀❀❀❀

٥- "يقول العبد مالى مالى ، وان ماله من ماله ثلث ، ما اكل فافنى ، اولبس فابلى او اعطى فاقتنى وما سوى ذلك، فهو ذاهب وتاركه للناس"۔ (مسلم ، مشكوة ص ٤٤٠)

۵۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "بندہ کہتا ہے کہ یہ میرا مال ہے' وہ میرا مال ہے' حالانکہ اس کے مال میں سے صرف تین قسم کا مال اس کا ہے' ایک تو وہ جسے اس نے کھا کر فنا کر دیا' دوسرے وہ جو پہن کر پرانا کر دیا' اور تیسرے وہ جو اس نے (اللہ کی راہ میں) دیکر (آخرت کے لیے) ذخیرہ بنا لیا' اس کے سوا جو کچھ ہے وہ ختم ہو جانے والا ہے اور وہ اسے لوگوں کے لیے چھوڑ جائے گا"۔ (مسلم' مشکوٰۃ ص ۴۴۰)

5- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"Man says, 'This is my property and that is my property', although there are only three things in his property which are his: that which he ate up and finished off; that which he wore out; and that which he spent (in the path of Allah) turning it into his treasure (for the Hereafter). Whatever there is other than that must go and he will have to leave it behind for others."

(Muslim Mishkaat ul Masabih, P. 440)

❀❀❀❀

٦- "يتبع الميت ثلثة فيرجع اثنان ويبقى معه واحد ، يتبعه اهله وماله وعمله فيرجع اهله وماله ويبقى عمله"۔

(متفق عليه ، مشكوة ص ٤٤٠)

۶۔ حضرت انسؓ۔ "تین چیزیں میت کے ساتھ (قبرستان تک) جاتی ہیں' ان میں سے دو لوٹ آتی ہیں اور صرف ایک چیز اس کے ساتھ رہتی ہے' ساتھ جانے والی چیزیں' ایک تو اس کے رشتہ دار ہیں' دوسرے اس کا مال (چارپائی وغیرہ) اور تیسرے اس کا عمل' ان میں سے رشتہ دار اور مال تو لوٹ آتا ہے (اور صرف) اس کا عمل اس کے ساتھ رہ جاتا ہے"۔

(بخاری' مسلم' مشکوٰۃ ص ۴۴۰)

6- Hazrat Anas ﷺ:

"Three things go with the deceased (to the graveyard). Then, two return and only one remains with him of what goes with him are, his relatives, his property (such as the funeral bier etc.) and his deeds. Of these, relatives and property return and (only what) remains is his deed."

(Bukhari, Muslim Mishkaat ul Masabih, P. 440)

❀❀❀❀

٧- "اغتنم خمسًا قبل خمس ، شبابك قبل هرمك ، وصحتك قبل سقمك وغناك قبل فقرك وفراغك قبل شغلك وحيوتك قبل موتك"۔ (ترمذى ، مشكوة ص ٤٤١)

۷۔ حضرت عمرو بن میمونؓ۔ "پانچ چیزوں کو دوسری پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت سمجھو۔ جوانی کو بڑھاپے سے پہلے، صحت کو بیماری سے پہلے، کشادہ دستی کو تنگدستی سے پہلے، فراغت کو مشغولیت سے پہلے اور زندگی کو موت سے پہلے"۔ (ترمذی، مشکوٰۃ ص۴۴۱)

7- Hazrat Amr b. Maimoon ﷺ:

"Consider five things as a boon over five other things: youth before extreme old-age; health before illness; prosperity before misery; leisure before work; and life before death."

(Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P. 441)

❁❁❁❁

٨- "من احبّ دنياه اضر بآخرته ومن احبّ اخرته اضر بدنياه ، فآثر واما يبقى على ما يفنى"۔

(احمد ، بيهقى ، مشكوة ص٤٤١)

۸۔ حضرت ابو موسیٰؓ۔ "جو شخص اپنی دنیا سے محبت کرے وہ اپنی آخرت کو نقصان پہنچائے گا اور جو شخص اپنی آخرت سے محبت کرے وہ اپنی دنیا کو نقصان پہنچائے گا لہٰذا باقی رہنے والی (آخرت) کو فنا ہونے والی چیز (دنیا) پر ترجیح دو"۔ (احمد، بیہقی، مشکوٰۃ ص۴۴۱)

8- Hazrat Abu Musa ﷺ:

"He who loves his world would face loss in his Hereafter, and he who loves his Hereafter would face loss in his world. Therefore, prefer what is to remain over what is to perish."

(Ahmed, Baihaqi, Mishkaat ul Masabih, P. 441)

❁❁❁❁

٩- "اتق المحارم تكن اعبد الناس وارض بما قسم الله لك تكن اغنى الناس واحسن الى جارك تكن مؤمنا واحبّ للناس ما تحبّ لنفسك تكن مسلمًا ، الا فانّ كثره الضحك تميت القلب"۔ (احمد ، ترمذى ، مشكوة ص٤٤٠)

۹۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ "حرام چیزوں سے بچو، تم سارے لوگوں میں سب سے زیادہ عبادت گذار ہو جاؤ گے، اور اللہ نے جو تمہاری قسمت سے تمہیں دیا ہے، اس پر راضی رہو، لوگوں میں سب سے زیادہ غنی ہو جاؤ گے، اور اپنے پڑوسی کے ساتھ نیک سلوک کرو، مومن ہو جاؤ گے، اور دوسروں کے لیے وہی بات پسند کرو جو اپنے لیے پسند کرتے ہو، مسلمان ہو جاؤ گے، اور زیادہ ہنسا مت کرو، اس لیے کہ ہنسی کی کثرت دل کو مردہ کر دیتی ہے"۔

(احمد، ترمذی، مشکوٰۃ ص۴۴۰)

9- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"Abstain from the forbidden things and you will become the most devout of all peoples; and be content with what Allah has given to you, you will become the richest of them; and do good with your neighbour, you will become a (true) believer; and like for others what you like for yourself, you will become (a true) Muslim. And do not laugh too much, because excessive laughing blunts the heart."

(Ahmed, Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P.440)

❁❁❁❁

١٠- "ليس الغنى عن كثرة العرض، ولكنّ الغنى غنى النفس"۔ (متفق عليه مشكوة ص٤٤٠)

www.peopleofsunnah.com

۱۰۔ حضرت ابو ہریرہؓ۔ "تونگری ساز و سامان کی کثرت سے نہیں ہوتی' بلکہ (اصل) تونگری دل کی بے نیازی ہے"۔ (بخاری' مسلم' مشکوٰۃ المصابیح ص ۴۴۰)

10- Hazrat Abu Huraira ﷺ:

"Wealth is not from the abundance of things; in fact, (real) wealth is the heart's freedom from need."

(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 440)

❁❁❁❁

۱۱ – "مالی وللدنیا وما انا والدنیا الا کراکب استظلّ تحت شجرۃ ثم راح وترکھا"۔ (احمد ' ترمذی' مشکوۃ ص ۴۴۲)

۱۱۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔ "مجھے دنیا سے کیا واسطہ؟ میری اور دنیا کی مثال تو بس ایسی ہے جیسے ایک شہسوار نے کسی درخت کی چھاؤں لی ہو' پھر اسے چھوڑ کر چلا گیا ہو"۔

(احمد' ترمذی' ابن ماجہ مشکوٰۃ ص ۴۴۲)

11- Hazrat Abdullah b. Masud ﷺ:

"What do I have to do with this world? The similitude of this life and mine is that of a rider who takes rest under a tree and then goes away leaving it behind."

(Ahmed, Tirmizi, Ibn e Maja, Mishkaat ul Masabih, P. 442)

❁❁❁❁

۱۲ – "لا تزول قدما ابن آدم یوم القیامۃ حتی یسئل عن خمس ' عن عمرہ فیما افناہ وعن شبابہ فیما ابلاہ وعن مالہ من این اکتسبہ ' ومن این انفقہ ' وماذا عمل فیما علم"۔

(ترمذی ' مشکوۃ ص ۴۴۳)

۱۲۔ حضرت ابن مسعودؓ۔ "قیامت کے دن ابن آدم کے پاؤں (اپنی جگہ سے) نہیں ٹلیں گے تاوقتیکہ اس سے پانچ چیزوں کے بارے میں سوال نہ کیا جائے' اس کی عمر کے بارے میں کہ اس کو کس چیز میں گنوایا؟ اور اس کی جوانی کے بارے میں کہ اسے کس چیز میں ضائع کیا؟ اور اس کے مال کے بارے میں کہ اسے کہاں سے کمایا اور کس چیز میں خرچ کیا؟ اور یہ کہ اسے جو علم حاصل ہوا اس پر کیا عمل کیا؟"۔ (ترمذی' مشکوٰۃ ص ۴۴۳)

12- Hazrat Abdullah b. Masud ﷺ:

"The son of Adam will not move until he has answered five questions: about his life, how he spent it; about his youth, how he wasted it; about his property, how he earned it and how he spent it; and about his knowledge, how he acted upon it."

(Tirmizi, Mishkaat ul Masabih, P. 443)

❁❁❁❁

۱۳ – "ما زھد عبد فی الدنیا الّا انبت اللہ الحکمۃ فی قلبہ وانطق بھا لسانہ وبصّرہ عیب الدنیا ودواءھا ودواءھا واخرجہ منھا سالمًا الی دارالسلام"۔ (بیھقی ' مشکوۃ ۴۴۳)

۱۳۔ حضرت ابوذرؓ۔ "جو شخص بھی دنیا سے بے رغبتی اختیار کرے' اللہ تعالیٰ اس کے دل میں حکمت و دانائی کی باتیں اُگا دیتا ہے' اور اس کی زبان پر حکمت ہی کی باتیں جاری کروا تا ہے اور اسے دنیا کے مرض اور علاج کی بصیرت عطا کر دیتا ہے' اور اس کو دنیا سے صحیح سلامت دارالسلام (جنت) کی طرف نکال لے جاتا ہے"۔ (بیہقی' مشکوٰۃ ص ۴۴۳)

www.noorsofsmart.com

13- Hazrat Abu Zar ؓ:

"He who is indifferent to this world, Allah endows his heart with wisdom and makes his tongue fluent with it, and gives him insight into the imbalances of this world, its diseases and its cures; and takes him whole and sound from this world out to the house of shelter (paradise)."

(Baihaqi, Mishkaat ul Masabih, P. 443)

❁❁❁❁

١٤ - "انّ اخوف ما اتخوّف على امتى الهوى وطول الأمل فاما الهوى فيصدّ عن الحق واما طول الأمل فينسى الآخرة وهذه الدنيا مرتحلة ذاهبة وهذه الآخرة مرتحلة قادمة ، ولكل واحدة منها بنون ، فان استطعتم ان لا تكونوا من بنى الدنيا فافعلوا فانكم اليوم فى دار العمل ولا حساب وانتم غدًا فى دار الآخرة ولا عمل"۔

(بيهقى ، مشكوة المصابيح ص٤٤٤)

۱۴۔ حضرت جابرؓ۔ "مجھے اپنی امت پر سب سے زیادہ اندیشہ خواہشات نفسانی اور لمبی لمبی امیدیں باندھنے سے ہے' خواہشات نفسانی انسان کو حق سے روکتی ہیں اور لمبی لمبی امیدیں باندھنا آخرت کو بھلا دیتا ہے (اور دیکھو) یہ دنیا کوچ کر کے جا رہی ہے اور یہ آخرت کوچ کر کے آ رہی ہے' اور انسانوں میں کچھ لوگ دنیا کی اولاد ہیں اور کچھ آخرت کی' پس اگر یہ تم کر سکو کہ دنیا کے بیٹے نہ بنو تو ایسا ضرور کرو' اس لیے کہ آج تم دار العمل میں ہو' جبکہ کوئی حساب نہیں ہو رہا ہے اور کل تم دار الآخرت میں ہو گے' جبکہ کوئی عمل نہیں ہو گا"۔

(بیہقی' مشکوۃ ص ۴۱۲۴)

14- Hazrat Jabir ؓ:

"What I fear most in the case of my *ummah* is their licentious desires and excessive hopes. Licentious desires stop one from right things and excessive hopes make one forgetful of the Hereafter. (Look!) This world is passing away, and the Hereafter is approaching. Some people are children of this world and some are of the Hereafter, so, if it is possible for you that you do not become sons of this world, you must do that, because today you are in a world of action where there is no accountability, and tomorrow you will be in the Hereafter, where there will be no action." *(Baihaqi, Mishkaat ul Masabih, P. 444)*

❁❁❁❁

١٥ - "اذا مات الميت قالت الملائكة ما قدّم وقال بنوآدم ما خلّف"۔ (بيهقى ، مشكوة المصابيح ص٤٤٥)

۱۵۔ حضرت ابوہریرہؓ۔ "جب کوئی شخص مرتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں' یہ اپنے ساتھ کیا (عمل) لایا؟ (اور زمین پر پس ماندہ) انسان کہتے ہیں' یہ کیا (مال) چھوڑ کر گیا"۔

(بیہقی' مشکوۃ ص ۴۱۲۵)

15- Hazrat Abu Huraira ؓ:

"When one dies, the angels as what (deeds) has he brought? And human beings ask: what has he left behind?"

(Baihaqi. Mishkaat ul Masabih, P. 445

❁❁❁❁

١٦ - "اذا قمت فى صلاتك فصلّ صلوة مودع ، ولا تكلّم بكلام تعذر منه غدًا واجمع الاياس ممّا فى ايدى الناس"۔

(احمد ، مشكوة المصابيح ص٤٤٥)

۱۶۔ حضرت ابو ایوب انصاریؓ۔ "جب تم اپنی نماز میں کھڑے ہو تو ایسی نماز پڑھو جیسے رخصت ہونے والا نماز پڑھتا ہے (گویا یہ زندگی کی آخری نماز ہے) اور ایسی بات نہ کہو جس سے کل معذرت کی ضرورت ہو' اور لوگوں کے ہاتھ میں جو کچھ (مال) ہے' اس سے مکمل مایوسی اختیار کرلو۔" (احمد' مشکوٰۃ ص ۴۴۵)

16- Hazrat Abu Ayub Ansari ﷺ:

"When you stand up to offer prayer, do that like a departing person (as if this were the last prayer of your life). And do not say anything for which you may have to apologise tomorrow. And be totally despaired of whatever (wealth) people have in their hands." *(Ahmed, Mishkaat ul Masabih, P. 445)*

❀❀❀❀

۱۷۔ "اربع من کنّ فیه کان منافقًا خالصًا ' ومن کانت فیه خصلة منهنّ کانت فیه خصلة من النفاق حتی یدعها ' اذا اوتمن خان ' واذا حدّث کذب واذا عاهد غدر ' واذا خاصم فجر"۔ (بخاری و مسلم ' مشکوۃ ص ۱۷)

۱۷۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔ "چار خصلتیں ایسی ہیں کہ وہ جس میں پائی جائیں' وہ ہو بہو منافق ہے' اور جس شخص کے اندر ان میں سے کوئی (ایک) خصلت پائی جائے' اس میں نفاق کی ایک خصلت ہوگی' تاوقتیکہ وہ اسے چھوڑ نہ دے (وہ چار خصلتیں یہ ہیں) جب اس کے پاس کوئی امانت رکھوائی جائے تو وہ خیانت کرے' جب بات کہے تو جھوٹ بولے' جب معاہدہ کرے تو بے وفائی کرے' اور جب جھگڑے تو فاجرانہ حرکتیں (گالی گلوچ) کرے"۔

(بخاری' مسلم' مشکوٰۃ ص ۱۷)

17- Hazrat Abdullah b. Omar ﷺ:

"There are four attributes which, if found in a person, show that he is a complete hypocrite. And if he has any one of the four, he will be possessing one attribute of hypocrisy, until he gives it up. (These attributes are): When he is given anything as a trust, he abuses the trust; when he talks, he tells lies; when he enters a contract, he commits a breach of it; and when he quarrels, he comes down to abusive language and actions."

(Bukhari, Muslim, Mishkaat ul Masabih, P. 17)

www.peopleofsunnah.com



www.peopleofsunnah.com

The Author

- Muhammad Taqi Usmani S/o Maulana Mufti Muhammad Shafi (Mufti-e-Azam Pakistan and founder of Darul Uloom Karachi).
- Obtained "Alimiyyah" and "Takhassus" degrees from Darul-Uloom Karachi, a master's degree from Punjab University and LL.B from Karachi University.
- Has been teaching several branches of Islamic learning for 40 years including fiqh and Hadith.
- Judge Shariat Appellate bench Supreme Court of Pakistan since 1982 till 2003.
- Chairman / Permanent Member International Islamic Fiqh Academy Jeddah, Sponsored by OIC.
- Vice president Darul-Uloom Karachi.
- Member Commision for Islamization of Economy, Government of Pakistan.
- Chairman / Member on Shariah Supervisory Boards of a dozen of Islamic banks and financial institutions in different parts of the world.
- Chief editor of the monthly "Albalagh" (Urdu) since 1967 and Monthly "Albalagh International" (English) since 1990.
- Contributing articles / write-ups in leading newspapers of the country on various issues.
- Authored more than 150 books in Arabic, Urdu and English.